تنظیم المدارس (اہلِ سنّت)، پاکستان کے جدید نصاب کے عین مطابق

برائے طالبات

نورانی گائیڈ

حل شدہ پرچہ جات

عامہ 2

سوالیہ پرچہ کے ساتھ

مفتی محمد احمد نورانی دامت برکاتہم العالیہ

شبیر برادرز
اردو بازار لاہور

H-M-HASNAIN-ASADI

سالانہ امتحان الشہادۃ الثانویۃ العامۃ (میٹرک سال دوم)

برائے طالبات سال ۱۴۴۱ھ/2020ء

﴿پہلا پرچہ: قرآن مجید﴾

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

سوال نمبر ۱: درج ذیل میں سے کسی آٹھ آیات مبارکہ کا ترجمہ کریں؟ ۸۰=۸×۱۰

(۱) قُلْ اِنْ تُخْفُوْا مَا فِیْ صُدُوْرِكُمْ اَوْ تُبْدُوْهُ یَعْلَمْهُ اللّٰهُ ؕ وَ یَعْلَمُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ○

(۲) اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰۤی اٰدَمَ وَنُوْحًا وَّ اٰلَ اِبْرٰهِیْمَ وَ اٰلَ عِمْرٰنَ عَلَی الْعٰلَمِیْنَ ○ ذُرِّیَّةًۢ بَعْضُهَا مِنْۢ بَعْضٍ ؕ وَاللّٰهُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ○

(۳) قَالَتْ رَبِّ اَنّٰی یَكُوْنُ لِیْ وَلَدٌ وَّلَمْ یَمْسَسْنِیْ بَشَرٌ ؕ قَالَ كَذٰلِكِ اللّٰهُ یَخْلُقُ مَا یَشَآءُ ؕ اِذَا قَضٰۤی اَمْرًا فَاِنَّمَا یَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ ○

(۴) وَ اِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِیْثَاقَ النَّبِیّٖنَ لَمَاۤ اٰتَیْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّ حِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ؕ

(۵) اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِیَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَاۤ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَیْـًٔا ؕ وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ○

(۶) وَ اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَ الرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ○ وَسَارِعُوْۤا اِلٰی مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ جَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ ۙ اُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِیْنَ ○

(۷) وَلَئِنْ قُتِلْتُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ اَوْ مُتُّمْ لَمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَحْمَةٌ خَیْرٌ مِّمَّا یَجْمَعُوْنَ ○ وَلَئِنْ مُّتُّمْ اَوْ قُتِلْتُمْ لَاِ۟لَی اللّٰهِ تُحْشَرُوْنَ ○

(۸) اَوَلَمَّاۤ اَصَابَتْكُمْ مُّصِیْبَةٌ قَدْ اَصَبْتُمْ مِّثْلَیْهَا ۙ قُلْتُمْ اَنّٰی هٰذَا ؕ قُلْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اَنْفُسِكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ○

(۹) لٰكِنِ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا نُزُلًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَیْرٌ لِّلْاَبْرَارِ ○

(۱۰) وَ اٰتُوا الْیَتٰمٰۤی اَمْوَالَهُمْ وَلَا تَتَبَدَّلُوا الْخَبِیْثَ بِالطَّیِّبِ وَلَا تَاْكُلُوْۤا اَمْوَالَهُمْ اِلٰۤی اَمْوَالِكُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حُوْبًا كَبِیْرًا ○

H.M.HASNAIN ASADI

(۱۱) وَاِنْ اَرَدْتُّمُ اسْتِبْدَالَ زَوْجٍ مَّكَانَ زَوْجٍ لا وَّاٰتَيْتُمْ اِحْدٰهُنَّ قِنْطَارًا فَلَا تَاْخُذُوْا مِنْهُ شَيْئًا ط اَتَاْخُذُوْنَهٗ بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا○

(۱۲) يَّسْتَخْفُوْنَ مِنَ النَّاسِ وَلَا يَسْتَخْفُوْنَ مِنَ اللّٰهِ وَ هُوَ مَعَهُمْ اِذْ يُبَيِّتُوْنَ مَالَا يَرْضٰى مِنَ الْقَوْلِ ط وَ كَانَ اللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطًا○

سوال نمبر۲: مندرجہ ذیل کلمات میں سے دس کے معانی تحریر کریں؟ ۲۰=۲×۱۰

مُحَرَّرًا، الْاِبْكَارِ، مَا تَدَّخِرُوْنَ، يَلْوٗنَ، حُفْرَة، الْاَنَامِلِ، مُسَوِّمِيْنَ

غَلِيْظَ الْقَلْبِ، كِفْلٌ، عَزْمُ الْاُمُوْرِ، الْحَرِيْقِ، نِحْلَة، الْمَضَاجِع

☆☆☆☆☆

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طالبات بابت ۲۰۲۰ء

﴿پہلا پرچہ: قرآن مجید﴾

سوال نمبر۱: درج ذیل میں سے کسی آٹھ آیات مبارکہ کا ترجمہ کریں؟

(۱) قُلْ اِنْ تُخْفُوْا مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ اَوْ تُبْدُوْهُ يَعْلَمْهُ اللّٰهُ ط وَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي الْاَرْضِ ط وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ○

(۲) اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى اٰدَمَ وَنُوْحًا وَّ اٰلَ اِبْرٰهِيْمَ وَ اٰلَ عِمْرٰنَ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ○ذُرِّيَّةً بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ ط وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ○

(۳) قَالَتْ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ وَلَدٌ وَّلَمْ يَمْسَسْنِيْ بَشَرٌ ط قَالَ كَذٰلِكِ اللّٰهُ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ط اِذَا قَضٰى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ○

(۴) وَ اِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّ حِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ط

(۵) اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْئًا ط وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ج هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ○

(۶) وَ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ الرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ○ وَسَارِعُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ جَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ لا اُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِيْنَ○

(۷) وَلَئِنْ قُتِلْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوْ مُتُّمْ لَمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَحْمَةٌ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ○ وَلَئِنْ مُّتُّمْ اَوْ قُتِلْتُمْ لَاِ الَى اللّٰهِ تُحْشَرُوْنَ○

H-M-HASNAIN-ASADI

(۸) اَوَلَمَّآ اَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ قَدْ اَصَبْتُمْ مِّثْلَيْهَا ۙ قُلْتُمْ اَنّٰى هٰذَا ؕ قُلْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اَنْفُسِكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ۝

(۹) لٰكِنِ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا نُزُلًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّلْاَبْرَارِ۝

(۱۰) وَاٰتُوا الْيَتٰمٰۤى اَمْوَالَهُمْ وَلَا تَتَبَدَّلُوا الْخَبِيْثَ بِالطَّيِّبِ وَلَا تَاْكُلُوْۤا اَمْوَالَهُمْ اِلٰۤى اَمْوَالِكُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حُوْبًا كَبِيْرًا۝

(۱۱) وَاِنْ اَرَدْتُّمُ اسْتِبْدَالَ زَوْجٍ مَّكَانَ زَوْجٍ ۙ وَّاٰتَيْتُمْ اِحْدٰهُنَّ قِنْطَارًا فَلَا تَاْخُذُوْا مِنْهُ شَيْـًٔا ؕ اَتَاْخُذُوْنَهٗ بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا۝

(۱۲) يَّسْتَخْفُوْنَ مِنَ النَّاسِ وَلَا يَسْتَخْفُوْنَ مِنَ اللّٰهِ وَهُوَ مَعَهُمْ اِذْ يُبَيِّتُوْنَ مَا لَا يَرْضٰى مِنَ الْقَوْلِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطًا۝

جواب: ترجمہ آیات مبارکہ:

(۱) اے محبوب! آپ فرمادیں: اگر تم پوشیدہ رکھتے ہو اس چیز کو جو تمہارے سینوں میں ہے اور یا اسے تم ظاہر کرتے ہو، تو اللہ تعالیٰ اسے جانتا ہے وہ اسے بھی جانتا ہے جو چیز آسمانوں اور زمین ہے اور اللہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

(۲) بے شک اللہ تعالیٰ نے آدم، نوح، ابراہیم اور اولاد عمران کا انتخاب کیا۔ تمام جہان والوں سے، ان میں سے بعض لوگ بعض کی اولاد ہیں اور اللہ تعالیٰ سننے والا جاننے والا ہے۔

(۳) مریم نے عرض کیا: اے میرے پروردگار! میرے ہاں کس طرح بچہ پیدا ہوسکتا ہے جبکہ مجھے کسی نے نہیں چھوا؟ تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تو اللہ تعالیٰ اسی طرح پیدا کرتا ہے جسے چاہتا ہے۔ اللہ تعالیٰ جب کسی چیز کے کرنے کا ارادہ کرتا ہے، تو وہ اسے کہتا ہے: تو ہو جا' تو وہ چیز ہو جاتی ہے۔

(۴) اور جب اللہ تعالیٰ انبیاء سے پختہ وعدہ لیا کہ جب میں تمہیں کتاب وحکمت عطا کروں' پھر تمہارے پاس رسول رحمت آجائیں، جو تصدیق کرنے والے ہوں اس چیز پر جو تمہارے پاس موجود ہے' تو تم ان پر ضرور ایمان لانا ہوگا اور ان کی ضرور مدد کرنا ہوگی۔

(۵) بے شک وہ لوگ جنہوں نے کفر اختیار کیا، تو ان کے اموال اور ان کی اولاد نے اللہ تعالیٰ کی طرف سے انہیں کسی قسم کا فائدہ نہ دیا اور وہ لوگ جہنمی ہیں۔ وہ جہنم میں ہمیشہ رہیں گے۔

(۶) اور تم اطاعت کرو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی' تاکہ تم پر رحم کیا جائے، تم اپنے پروردگار کی طرف سے بخشش اور ایسی جنت کی طرف جلدی کرو جس کی چوڑائی آسمانوں اور زمین کے برابر ہے، وہ پرہیزگار لوگوں کے لیے تیار کی گئی ہے۔

H-M-HASNAIN-ASADI

(۷) اور اگر تم اللہ تعالیٰ کی راہ میں شہید کیے جاؤ یا تم مر جاؤ تو ضرور اللہ تعالیٰ کی طرف مغفرت اور رحمت ہو گی، جو بہتر ہے اس چیز سے جو انہوں نے جمع کر رکھی ہے۔ اگر تم مر جاؤ یا قتل کر دیے جاؤ تو تم ضرور اللہ تعالیٰ کے ہاں جمع کیے جاؤ گے۔

(۸) کیا جب تمہیں کو مصیبت پہنچے کہ اس سے دوگنی پہنچا چکے ہو، تم تو کہنے لگو کہ یہ کہاں سے آئی؟ تو تم فرما دو: وہ تمہاری ہر طرف سے آئی ہے، بے شک اللہ تعالیٰ سب کچھ کر سکتا ہے۔

(۹) مگر وہ لوگ جو اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں، ان کے لیے جنتیں ہیں، جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں، وہ ہمیشہ ان میں رہیں گے۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے مہمانی اور جو کچھ اللہ تعالیٰ کے پاس ہے، وہ نیکوں کے لیے سب سے اچھا۔

(۱۰) اور تم یتیموں کو ان کے اموال دو، ستھرے کے عوض گندا نہ لو اور ان کے اموال اپنے اموال سے نہ ملا کر نہ کھاؤ، بے شک یہ بہت بڑا گناہ ہے۔

(۱۱) اور اگر تم ایک بیوی کی جگہ دوسری بدلنا چاہو، اسے تم بہت زیادہ دولت دے چکے ہو، تو تم اس میں سے کچھ واپس نہ لو، کیا تم اسے واپس لو گے جھوٹ بول کر اور کھلے گناہ سے۔

(۱۲) تم لوگوں سے چھپتے ہو اور اللہ سے نہیں چھپتے، اللہ ان کے پاس ہے، جو وہ دل میں کوئی بات تجویز کرتے ہیں، جو اللہ کو ناپسند ہے اور اللہ ان کے کاموں کو گھیرے ہوئے ہے۔

سوال نمبر۲: مندرجہ ذیل کلمات میں سے دس کے معانی تحریر کریں؟

مُحَرَّرًا، الْإِبْكَارِ، مَا تَدَّخِرُوْنَ، يَلْوُنَ، حُفْرَة، الْاَنَامِلِ، مُسَوِّمِيْنَ، غَلِيْظُ الْقَلْبِ، كِفْلٌ، عَزْمُ الْاُمُوْرِ، الْحَرِيْق، نِحْلَة، الْمَضَاجِعِ

جواب: الفاظ قرآنی کے معانی:

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
مُحَرَّرًا	پاکیزہ	الْإِبْكَارِ	صبح
مَا تَدَّخِرُوْنَ	جو تم جمع کرتے ہو	يَلْوُنَ	وہ ملاتے ہیں
حُفْرَة	کنارہ	الْاَنَامِلِ	انگلیاں
مُسَوِّمِيْنَ	نشان والے	غَلِيْظُ الْقَلْبِ	سخت دل
كِفْلٌ	کفالت کرنا	عَزْمُ الْاُمُوْرِ	ہمت کے کام
الْحَرِيْق	غلام	نِحْلَة	خوشی
الْمَضَاجِعِ	خواب گاہیں		

H-M-HASNAIN-ASADI

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (میٹرک سال دوم)

برائے طالبات سال ۱۴۴۱ھ/2020ء

(دوسرا پرچہ: حدیث نبوی)

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

سوال نمبر ۱: درج ذیل میں سے پانچ احادیث مبارکہ کا ترجمہ تحریر کریں۔ ۵×۱۰=۵۰

(۱) عن ابی موسی الاشعری قال سئل رسول الله صلی الله علیه وسلم عن الرجل یقاتل شجاعة یقاتل حمیة و یقاتل ریاء ای ذلك فی سبیل الله؟ فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم من قاتل لتکون کلمة الله هی العلیا فهو فی سبیل الله۔

(۲) عن ابن عباس و انس بن مالك رضی الله عنهم ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال لو ان لابن آدم وادیا من ذهب احب ان یکون له وادیان ولن یملا فاه الا التراب ویتوب الله علی من تاب۔ متفق علیه۔

(۳) عن ابی عبدالرحمن عبدالله بن مسعود رضی الله عنه قال کانی انظر الی رسول الله صلی الله علیه وسلم یحکی نبیا من الانبیاء صلوات الله و سلامه علیهم ضربه قومه فادموه وهو یمسح الدم عن وجهه ویقول اللهم اغفر لقومی فانهم لا یعلمون۔

(۴) عن معاذ بن انس رضی الله عنه ان النبی صیل الله علیه وسلم من کظم غیظا وهو قادر علی ان ینفذه دعاه الله سبحانه علی رئوس الخلائق یوم القیمة حتی یخیره من الحور العین ماشاء (رواہ ابوداؤد والترمذی)

(۵) عن ابی هریرة رضی الله عنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم قاربوا و سددوا واعلموا انه لن ینجو احد منکم بعمله قالوا ولا انت یا رسول الله؟ قال ولا انا الا ان یتغمدنی الله برحمة منه و فضل۔

(۶) عن ابی هریرة رضی الله عنه ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال بادروا بالاعمال فتنا کقطع اللیل المظلم یصبح الرجل مومنا ویمسی کافرا ویمسی مومنا و یصبح کافرا یبیع دینه بعرض من الدنیا۔

(۷) عن ابی ذر رضی الله عنه قال قال النبی صلی الله علیه وسلم عرضت علی اعمال

H-M-HASNAIN-ASADI

امتی حسنها و سیئها فوجدت فی محاسن اعمالها الاذی یماط عن الطریق و وجدت فی مساوی اعمالها النخاعة تکون فی المسجد لاتدفن ۔

سوال نمبر۲: درج ذیل حدیث شریف پر اعراب لگائیں، ترجمہ کریں اور خط کشیدہ صیغے بتائیں؟ ۱۰+۱۰+۱۰=۳۰

عن ابی هریرة رضی الله عنه ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال یضحك الله سبحانه و تعالی الی رجلین یقتل احدهما الاخر یدخلان الجنة یقاتل هذا فی سبیل الله فیقتل ثم یتوب الله علی القاتل فیسلم فیستشهد ۔

سوال نمبر۳: درج ذیل میں سے کوئی سے دس الفاظ کے معانی تحریر کریں؟ ۲×۱۰=۱۰

وَجَعٌ حَمِيَّةٌ خُطُوَةٌ اَلصَّخْرَةُ اَلصِّبْيَةُ اَلْقَدَحُ
تَوْبَةً نَّصُوْحًا حبلی ضِيَاءٌ اَلتُّرَابُ اَلصَّبِيُّ اَلسِّحْرُ

☆☆☆☆☆☆☆☆

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طالبات بابت ۲۰۲۰ء

دوسرا پرچہ: حدیث نبوی

سوال نمبر۱: درج ذیل احادیث مبارکہ کا ترجمہ تحریر کریں؟

(۱) عن ابی موسی الاشعری قال سئل رسول الله صلی الله علیه وسلم عن الرجل یقاتل شجاعة و یقاتل حمیة و یقاتل ریاء ای ذلك فی سبیل الله؟ فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم من قاتل لتکون کلمة الله هی العلیا فهو فی سبیل الله۔

(۲) عن ابن عباس و انس بن مالك رضی الله عنهم ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال لو ان لابن آدم و ادیا من ذهب احب ان یکون له وادیان و لن یملا فاه الا التراب ویتوب الله علی من تاب ۔ متفق علیه ۔

(۳) عن ابی عبدالرحمن عبدالله بن مسعود رضی الله عنه قال کانی انظر الی رسول الله صلی الله علیه وسلم یحکی نبیا من الانبیاء صلوات الله و سلامه علیهم ضربه قومه فادموه وهو یمسح الدم عن وجهه ویقول اللهم اغفر لقومی فانهم لا یعلمون ۔

(۴) عن معاذ بن انس رضی الله عنه ان النبی صیل الله علیه وسلم من کظم غیظا وهو قادر علی ان ینفذه دعاه الله سبحانه علی رئوس الخلائق یوم القیمة حتی یخیره

H-M-HASNAIN-ASADI

من الحور العين ماشاء (رواہ ابوداؤد والترمذی)

(۵) عن ابی هريرة رضی الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم قاربوا و سددوا واعلموا انه لن ينجو احد منكم بعمله قالوا ولا انت يا رسول الله؟ قال ولا انا الا ان يتغمدنی الله برحمة منه و فضل .

(۶) عن ابی هريرة رضی الله عنه ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال بادروا بالاعمال فتنا كقطع الليل المظلم يصبح الرجل مومنا ويمسى كافرا ويمسى مومنا ويصبح كافرا يبيع دينه بعرض من الدنيا .

(۷) عن ابی ذر رضی الله عنه قال قال النبی صلى الله عليه وسلم عرضت علی اعمال امتی حسنها وسيئها فوجدت فی محاسن اعمالها الاذی يماط عن الطريق و وجدت فی مساوی اعمالها النخاعة تكون فی المسجد لاتدفن .

جواب: ترجمہ احادیث مبارکہ:

(۱) حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے منقول ہے: حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا: ایک شخص بہادری دکھانے کے لیے لڑتا ہے، ایک آدمی غیرت کا مظاہرہ کرنے کے لیے جہاد میں حصہ لیتا ہے اور ایک ریا کاری کے ارادہ سے لڑتا ہے تو ان میں سے کون اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے والا ہے؟ آپ نے جواب میں فرمایا: جو آدمی اعلاء کلمۃ الحق یعنی اللہ تعالیٰ کے کلمہ کو بلند کرنے کی نیت سے لڑتا ہے، وہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے والا ہے۔

(۲) حضرت عبداللہ بن عباس اور حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہم سے منقول ہے: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر ابن آدم کے لیے سونے کی ایک وادی موجود ہو، وہ اس بات کی خواہش کرے گا کہ اس کے لیے سونے کی دو وادیاں ہوں اور مٹی کے سوا کوئی چیز ہرگز انسان کا منہ نہیں بھر سکتی اور جو آدمی اللہ تعالیٰ سے توبہ کرتا ہے، تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ کو قبول کرتا ہے۔

(۳) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے منقول ہے: گویا میں اب بھی دیکھ رہا ہوں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایک نبی کا ذکر کر رہے تھے، جن کی قوم نے انہیں زخمی کر دیا تھا، وہ اپنے چہرے سے خون صاف کرتے جاتے تھے اور یوں کہتے تھے: اے میرے پروردگار! تو میری قوم کو بخش دے کیونکہ یہ جانتے نہیں ہیں۔

(۴) حضرت معاذ بن انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص غصہ پی جاتا ہے جبکہ وہ غصہ نکالنے کی طاقت بھی رکھتا ہو، تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسے تمام

H-M-HASNAIN-ASADI

لوگوں کے سامنے بلا کر اختیار دے گا کہ وہ موٹی آنکھوں والی جس حور کو چاہے پسند کر لے۔

(۵) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے: حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اسلام پر قائم رہو اور تم اس پر استقامت اختیار کرو، تم خوب جان لو! تم میں سے کسی کا عمل اسے نجات نہیں دے سکے گا۔ صحابہ کرام نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ کو بھی؟ آپ نے جواب میں فرمایا: ہاں، مجھے بھی۔ مگر اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنی رحمت اور فضل سے ڈھانپ لیا ہے۔

(۶) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نیک عمل کرنے میں جلدی کرو، عنقریب فتنے ظاہر ہونے والے ہیں، جو اندھیری شب کی تاریکی کی طرح ہوں گے۔ انسان ایمان کی حالت میں صبح کرے گا، وہ شام کے وقت کافر ہو چکا ہوگا، اسی طرح وہ شام کے وقت مومن ہوگا اور صبح کے وقت وہ دنیا کے اموال کے بدلے دین کو فروخت کر دے گا۔

(۷) حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے منقول ہے: حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری خدمت میں میری امت کے اچھے اور برے اعمال پیش کیے گئے، میں نے ان میں سے اچھا عمل یہ پایا کہ راستہ سے کسی تکلیف دہ چیز کو دور کر دینا اور برے اعمال میں سے زیادہ برا اس تھوک کو پایا جو مسجد میں ہو اور اسے دفن نہ کیا گیا ہو۔

سوال نمبر۲: درج ذیل حدیث شریف پر اعراب لگائیں، ترجمہ کریں اور خط کشیدہ صیغے بتائیں؟

عن ابی هريرة رضی الله عنه ان رسول الله صلی الله عليه وسلم قال يضحك الله سبحانه و تعالى الى رجلين يقتل احدهما الاخر يدخلان الجنة يقاتل هذا فی سبيل الله فيقتل ثم يتوب الله على القاتل فيسلم فيستشهد ۔

جواب: حدیث پر اعراب:

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَضْحَكُ اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى اِلٰى رَجُلَيْنِ يَقْتُلُ اَحَدُهُمَا الْاٰخَرَ يَدْخُلَانِ الْجَنَّةَ يُقَاتِلُ هٰذَا فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيُقْتَلُ ثُمَّ يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَى الْقَاتِلِ فَيُسْلِمُ فَيُسْتَشْهَدُ ۔

ترجمہ حدیث:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ایسے دو آدمیوں پر ہنستا ہے کہ ان میں سے ایک دوسرے کو قتل کرتا ہے، پھر وہ دونوں جنت میں داخل ہو جاتے ہیں۔ یہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرتا ہے اور قتل کر دیا جاتا ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ اپنی رحمت کے ساتھ قاتل پر رجوع فرماتا ہے اور وہ مسلمان ہو جاتا ہے پھر وہ شہید کر دیا جاتا ہے۔

H-M-HASNAIN-ASADI

خط کشیدہ صیغے:

یَضْحَكُ:

صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع مثبت معروف ثلاثی مجرد صحیح از باب سَمِعَ یَسْمَعُ ہنسنا۔

یَدْخُلَانِ:

صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل مضارع مثبت معروف ثلاثی مجرد صحیح از باب نَصَرَ یَنْصُرُ داخل ہونا۔

سوال نمبر۳: درج ذیل الفاظ کے معانی تحریر کریں؟

وَجَعٌ حَمِيَّةٌ خُطْوَةٌ اَلصَّخْرَةُ اَلصِّبْيَةُ اَلْقَدَحُ

تَوْبَةً نَّصُوْحًا حبلی ضِيَاءٌ اَلتُّرَابُ اَلصَّبِیُّ اَلسِّحْرُ

جواب: الفاظ کے معانی:

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
وَجَعٌ	تکلیف	حَمِيَّةٌ	غیرت
خُطْوَةٌ	قدم	اَلصَّخْرَةُ	چٹان، پتھریلی جگہ
اَلصِّبْيَةُ	بچی	اَلْقَدَحُ	پیالہ
تَوْبَةً نَّصُوْحًا	پکی توبہ	حُبْلٰی	حاملہ عورت
ضِيَاءٌ	روشنی	اَلتُّرَابُ	مٹی
اَلصَّبِیُّ	بچہ	اَلسِّحْرُ	جادو

H-M-HASNAIN-ASADI

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (میٹرک سال دوم)

برائے طالبات سال ۱۴۴۱ھ/2020ء

﴿تیسرا پرچہ: صرف﴾

نوٹ: کوئی سے چار سوالات حل کریں۔

سوال نمبر۱: (الف) ہفت اقسام سے کیا مراد ہے؟ نیز ہر ایک قسم کا نام اور اس کی مثال تحریر کریں۔ ۵+۱۵=۲۰

(ب) الضرب مصدر سے فعل مضارع معروف کی گردان لکھیں؟ ۵

سوال نمبر۲: (الف) ثلاثی مجرد سے اسم فاعل بنانے کا طریقہ اور اس کی مکمل گردان لکھیں؟ ۵+۱۵=۲۰

(ب) درج ذیل صیغوں میں سے پانچ کے بارے میں بتائیں کہ یہ اسمائے مشتقہ میں سے کون سے اسماء ہیں؟ ۵

مَسْجِد ۔ فَاعِل ۔ مَنْصُوْر ۔ ضَارِبَة ۔ اَحْسَن ۔ مِرْوَحَة

سوال نمبر۳: (الف) ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق بر باعی بے ہمزہ وصل کے ہر باب کا نام اور اس کی علامت تحریر کریں؟ ۱۵

(ب) اِجْتِنَاب مصدر سے صرف صغیر لکھیں؟ ۱۰

سوال نمبر۴: (الف) ثلاثی مجرد کی تعریف لکھیں، نیز بتائیں کہ اس کے ابواب کتنے اور کون کون سے ہیں؟ ۵+۱۵=۲۰

(ب) نَصَرَ یَنْصُرُ سے اسم مفعول کی مکمل گردان لکھیں؟ ۵

سوال نمبر۵: درج ذیل اصطلاحات صرفیہ کی تعریفات مع امثلہ تحریر کریں؟ ۵×۵=۲۵

(الف) رباعی مجرد (ب) مہموز الفاء (ج) اسم مشتق

(د) فعل معروف (ہ) لفظ مہمل

☆☆☆☆☆

H-M-HASNAIN-ASADI

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طالبات بابت ۲۰۲۰ء

تیسرا پرچہ: صرف

سوال نمبرا: (الف) ہفت اقسام سے کیا مراد ہے؟ نیز ہر ایک قسم کا نام اور اس کی مثال تحریر کریں؟
(ب) الضَّرْب مصدر سے فعل مضارع معروف کی گردان لکھیں؟

جواب: (الف) ہفت اقسام سے مراد:

حروف اصلی کے اعتبار سے اسم اور فعل کی سات اقسام ہیں، جو اس شعر میں مذکور ہیں:

صحیح است و مثال است و مضاعف
لفیف و ناقص و مہموز و اجوف

ان کے نام اور مثالیں حسب ذیل ہیں:

(۱) صحیح: وہ اسم یا فعل ہے، جس کے حروف اصلیہ (فا، عین، لام) کی جگہ میں نہ حرف علت ہو، نہ ہمزہ ہو اور نہ ایک جنس کے دو حروف ہوں مثلاً ضَرْبٌ . ضَرَبَ .

(۲) مثال: جیسے: وَعْدٌ، وَعَدَ، يُسْرٌ، يَسَرَ

(۳) مضاعف: جیسے: مَدٌّ، مَدَّ، زَلْزَلٌ، زَلْزَلَ

(۴) لفیف: جیسے: وَقْيٌ، وَقٰی، طَيٌّ، طوٰی

(۵) ناقص: جیسے: رَمْيٌ، رَمٰی

(۶) مہموز: اَمْرٌ، اَمَرَ، سُؤَالٌ، سَئَلَ، قَرْأٌ، قَرَأَ

(۷) اجوف: قَوْلٌ، قَالَ، بَيْعٌ، بَاعَ .

(ب) اَلضَّرْبُ: مصدر سے فعل مضارع معروف کی گردان:

(۱) يَضْرِبُ	(۲) يَضْرِبَانِ	(۳) يَضْرِبُوْنَ
(۴) تَضْرِبُ	(۵) تَضْرِبَانِ	(۶) يَضْرِبْنَ
(۷) تَضْرِبُ	(۸) تَضْرِبَانِ	(۹) تَضْرِبُوْنَ
(۱۰) تَضْرِبِيْنَ	(۱۱) تَضْرِبَانِ	(۱۲) تَضْرِبْنَ

H-M-HASNAIN-ASADI

(۱۳) اَضْرِبُ (۱۴) نَضْرِبُ

سوال نمبر۲: (الف) ثلاثی مجرد سے اسم فاعل بنانے کا طریقہ اور اس کی مکمل گردان لکھیں؟

(ب) درج ذیل صیغوں میں سے پانچ کے بارے میں بتائیں کہ یہ اسمائے مشتقہ میں سے کون سے اسماء ہیں؟

مَسْجِد ۔ فَاعِل ۔ مَنصور ۔ ضَارِبَة ۔ اَحْسَن ۔ مِرْوَحَة

جواب: (الف) فعل ثلاثی مجرد سے اسم فاعل بنانے کا طریقہ:

فعل ثلاثی مجرد سے اسم فاعل بنانے کے دو طریقے ہیں:

(۱) فعل ثلاثی مجرد کی ماضی اور مضارع دونوں کا عین مضموم ہو، تو فاکلمہ کو فتح، عین کلمہ کو کسرہ، عین کلمہ کے بعد یاء ساکن لانے اور لام کلمہ کو تنوین دینے سے فَعِيْلٌ کے وزن پر اسم فاعل آتا ہے مثلاً كَرُمَ يَكْرُمُ سے اسم فاعل كَرِيْمٌ آتا ہے۔

(۲) فعل ثلاثی مجرد کی ماضی اور مضارع کے عین کلمہ پر ضمہ نہ ہو، تو اس سے اسم فاعل بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ مضارع کی علامت کو گرا کر فاء کلمہ کو فتح دیا جائے گا' فاء اور عین کلمہ کے درمیان اسم فاعل کی علامت ''الف'' لایا جائے گا، عین کلمہ کو کسرہ اور لام کلمہ کو تنوین دی جائے گی۔ اس طرح فاعل کے وزن پر اسم فاعل آتا ہے مثلاً يَضْرِبُ سے ضَارِبٌ ۔

اسم فاعل کی گردان:

ضَارِبٌ ضَارِبَانِ ضَارِبُوْنَ ضَرَبَةٌ ضُرَّابٌ ضُرَّبٌ ضُرْبٌ ضُرَبَاءُ ضُرْبَانٌ ضِرَابٌ ضُرُوْبٌ ضَارِبَةٌ ضَارِبَتَانِ ضَارِبَاتٌ ضَوَارِبُ ضُرَّبٌ ضُوَيْرِبٌ ضُوَيْرِبَةٌ

(ب) الفاظ کے اسماء مشتقات:

مَسْجِدٌ: صیغہ واحد اسم ظرف مکان

فَاعِلٌ: صیغہ واحد مذکر اسم فاعل از ثلاثی مجرد

مَنْصُوْرٌ: صیغہ واحد مذکر اسم مفعول از ثلاثی مجرد

ضَارِبَةٌ: صیغہ واحد مونث اسم فاعل از فعل ثلاثی مجرد

اَحْسَنٌ: صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل

مِرْوَحَةٌ: صیغہ واحد مونث اسم آلہ متوسطہ

سوال نمبر۳: (الف) ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل کے ہر باب کا نام اور اس کی علامت تحریر کریں؟

H-M-HASNAIN-ASADI

(ب) اِجْتِنَاب مصدر سے صرف صغیر لکھیں؟

جواب: (الف) ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل کے ابواب اور ان کی علامات:

(۱) افعال: جیسے اِکْرَامٌ (عزت کرنا) اس کی علامت ماضی میں فاء کلمہ سے پہلے ہمزہ زائدہ ہوتا ہے اور مضارع میں علامات مضارع مضموم ہوتی ہے۔

(۲) تفعیل: جیسے تَصْرِیْفٌ (پھیرنا) اس میں علامت عین کلمہ مشدد (ڈبل) ہونا ہے۔

(۳) مفاعلہ: جیسے مُقَاتَلَةٌ (باہم لڑائی کرنا) اس کی علامت فاء اور عین کلمہ کے درمیان ''الف'' کا اضافہ ہے۔

(۴) تفعل: جیسے تَصَرُّفٌ (خرچ کرنا) اس کی دو علامات ہیں: فاء کلمہ سے پہلے تاء اور عین کلمہ مشدد ہونا۔

(۵) تفاعل: جیسے تَقَابُلٌ (ایک دوسرے کے مقابلہ ہونا) اس کی دو علامات ہیں: فاء کلمہ سے پہلے تاء اور فاء کلمہ کے بعد ''الف'' کا اضافہ۔

(ب) اجتناب مصدر سے صرف صغیر:

اِجْتَنَبَ يَجْتَنِبُ اِجْتِنَابًا فَهُوَ مُجْتَنِبٌ وَاُجْتُنِبَ يُجْتَنَبُ اِجْتِنَابًا فَذَاكَ مُجْتَنَبٌ لَمْ يَجْتَنِبْ لَمْ يُجْتَنَبْ لَا يَجْتَنِبُ لَا يُجْتَنَبُ لَنْ يَجْتَنِبَ لَنْ يُجْتَنَبَ لَيَجْتَنِبَنَّ لَيُجْتَنَبَنَّ لَيَجْتَنِبَنْ لَيُجْتَنَبَنْ الامر منه اِجْتَنِبْ لِتُجْتَنَبْ لِيَجْتَنِبْ لِيُجْتَنَبْ

والنهى عنه لَا تَجْتَنِبْ لَا تُجْتَنَبْ لَا يَجْتَنِبْ لَا يُجْتَنَبْ

الظرف منه مُجْتَنَبٌ مُجْتَنَبَانِ مُجْتَنَبَاتٌ

سوال نمبر۴: (الف) ثلاثی مجرد کی تعریف لکھیں، نیز بتائیں کہ اس کے ابواب کتنے اور کون کون سے ہیں؟

(ب) نَصَرَ يَنْصُرُ سے اسم مفعول کی مکمل گردان لکھیں؟

جواب: (الف) ثلاثی مجرد کی تعریف اور اس کے ابواب:

ثلاثی مجرد وہ اسم یا فعل ہے، جس کے فاء، عین اور لام کلمہ کے سوا کوئی زائد حرف نہ ہو۔ اس کی دو اقسام ہیں: (۱) مطرد (۲) شاذ۔

ثلاثی مجرد مطرد کے کل پانچ ابواب ہیں، جو درج ذیل ہیں:

(۱) فَعَلَ يَفْعِلُ جیسے: ضَرَبَ يَضْرِبُ (۲) فَعِلَ يَفْعَلُ جیسے: سَمِعَ يَسْمَعُ

(۳) فَعَلَ يَفْعُلُ جیسے: نَصَرَ يَنْصُرُ (۴) فَعَلَ يَفْعَلُ جیسے: فَتَحَ يَفْتَحُ

H-M-HASNAIN-ASADI

(۵) فَعُلَ یَفْعُلُ جیسے: کَرُمَ یَکْرُمُ۔

شاذ کے تین ابواب ہیں، جو حسب ذیل ہیں:

(۱) فَعِلَ یَفْعِلُ جیسے: حَسِبَ یَحْسِبُ (۲) فَعِلَ یَفْعُلُ جیسے: فَضِلَ یَفْضُلُ

(۳) فَعَلَ یَفْعَلُ جیسے: کَادَ یَکَادُ۔

(ب) نَصَرَ یَنْصُرُ سے اسم مفعول کی مکمل گردان:

(۱) مَضْرُوْبٌ (۲) مَضْرُوْبَانِ (۳) مَضْرُوْبُوْنَ (۴) مَضْرُوْبَةٌ

(۵) مَضْرُوْبَتَانِ (۶) مَضْرُوْبَاتٌ (۷) مَضَارِیْبُ (۸) مُضَیْرِیْبٌ مُضَیْرِیْبَةٌ

سوال نمبر۵: درج ذیل اصطلاحات صرفیہ کی تعریفات مع امثلہ تحریر کریں؟

(الف) رباعی مجرد (ب) مہموز الفاء (ج) اسم مشتق

(د) فعل معروف (ھ) لفظ مہمل

جواب: (الف) اصطلاحات صرفیہ کی تعریفات:

(الف) رباعی مجرد: وہ کلمہ جس میں چار حروف اصلی ہوں جیسے: دَحْرَجَ، جَعْفَرٌ۔

(ب) مہموز الفاء: وہ کلمہ جس کے فاءکلمہ میں ہمزہ ہو، جیسے: اَمْرٌ، اَمَرَ۔

(ج) اسم مشتق: وہ اسم ہے، جو دوسرے کلمہ سے بنایا گیا ہو، جیسے: ضَارِبٌ۔

(د) فعل معروف: وہ فعل ہے، جس کی نسبت فاعل کی طرف ہو، مثلاً قَامَ زَیْدٌ۔

(ھ) لفظ مہمل: ایسا لفظ ہے، جس کا معنی نہ ہو، مثلاً دَیْزٌ۔

☆☆☆☆☆☆

H-M-HASNAIN-ASADI

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (میٹرک سال دوم)

برائے طالبات سال ۱۴۴۱ھ/2020ء

﴿چوتھا پرچہ: نحو﴾

نوٹ: پہلا سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی تین سوالات حل کریں۔

سوال نمبرا: مرکب مفید کی تعریف کریں اوراس کے دوسرے نام تحریر کریں؟ ۲×۵=۱۰

سوال نمبر۲: (الف) جملہ انشائیہ کی تعریف کریں اور اس کی اقسام کے صرف نام تحریر کریں؟ ۵+۱۰=۱۵

(ب) مرکب غیر مفید کی کوئی سی دو اقسام مع تعریفات وامثلہ سپرد قلم کریں؟ ۲×۵=۱۰

(ج) علامات اسم میں سے کوئی پانچ علامات تحریر کریں؟ ۵

سوال نمبر۳: (الف) مبنی الاصل کتنی اور کون کون سی چیزیں ہیں؟ ۵

(ب) مجرور متصل کی ضمیریں بیان کریں؟ ۱۰

(ج) اسمائے افعال اور اسمائے اصوات تحریر کریں؟ ۸+۷=۱۵

سوال نمبر۴: (الف) مذکر ومونث میں سے ہر ایک کی تعریف قلمبند کریں؟ ۱۰

(ب) مونث حقیقی اور مونث لفظی کی تعریف کریں اور مثالیں دیں؟ ۵+۵=۱۰

(ج) جمع قلت کی تعریف کرکے اس کے اوزان تحریر کریں؟ ۶+۴=۱۰

سوال نمبر۵: (الف) حروف مشبہ بالفعل کون کون سے ہیں؟ نیز ان کا عمل بیان کریں؟ ۵+۵=۱۰

(ب) مندرجہ ذیل کی تعریف لکھیں؟ ۵×۴=۲۰

جمع تصحیح، مفعول له، مفعول معه، مفعول فيه

☆☆☆☆☆☆

H-M-HASNAIN ASADI

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طالبات بابت ۲۰۲۰ء

چوتھا پرچہ: نحو

سوال نمبر ۱: مرکب مفید کی تعریف کریں اور اس کے دوسرے نام تحریر کریں؟

جواب: مرکب مفید کی تعریف اور اس کے نام:

مرکب مفید وہ ہے جب بات کرنے والا بات کر کے خاموش ہو جائے، پھر سننے والے کو خبر یا طلب حاصل ہو، جیسے: زید قائم مرکب مفید کے مزید دو نام یہ ہیں: (۱) جملہ (۲) کلام

سوال نمبر ۲: (الف) جملہ انشائیہ کی تعریف کریں اور اس کی اقسام کے صرف نام تحریر کریں؟

(ب) مرکب غیر مفید کی کوئی سی دو اقسام مع تعریفات و امثلہ سپرد قلم کریں؟

(ج) علامات اسم میں سے کوئی پانچ علامات تحریر کریں؟

جواب: (الف) جملہ انشائیہ کی تعریف اور اس کی اقسام:

جملہ انشائیہ وہ ہے، جس کے کہنے والے کو سچا یا جھوٹا نہ کہا جائے، مثلاً: اِجْلِسْ (تو بیٹھ جا)

جملہ انشائیہ کی دس اقسام ہیں، جو حسب ذیل ہیں:

(۱) امر (۲) نہی (۳) استفہام (۴) تمنی (۵) ترجی (۶) عقود (۷) ندا (۸) عرض (۹) قسم (۱۰) تعجب

(ب) مرکب غیر مفید میں سے دو کی تعریفات و امثلہ:

(۱) مرکب بنائی: وہ مرکب ہے، جو دو اسموں سے مل کر بنے اور دونوں کے درمیان حرف عاطفہ پوشیدہ ہو، جیسے: اَحَدَ عَشَرَ۔

(۲) مرکب اضافی: وہ مرکب غیر مفید ہے، جو دو اسموں سے مل کر بنے۔ ان میں سے پہلا مضاف اور دوسرا مضاف الیہ ہوتا ہے۔ مثلاً غُلَامُ زَیْدٍ ۔

(ج) علامات اسم: علامات اسم گیارہ ہیں، جو حسب ذیل ہیں:

(۱) شروع میں الف لام ہو، جیسے: اَلرَّجُل (۲) شروع میں حرف جر ہو، جیسے: بِزَیْدٍ (۳) آخر میں تنوین ہونا جیسے: زَیْدٌ (۴) مسند الیہ ہونا جیسے: زَیْدٌ قَائِمٌ (۵) مضاف ہونا جیسے: غُلَامَ زَیْدٍ (۶) مُصَغَّر ہو، جیسے: قُرَیْشٌ (۷) منسوب ہو، جیسے: بَغْدَادِیٌّ (۸) تثنیہ ہونا جیسے: رَجُلَانِ (۹) جمع ہونا جیسے: رِجَالٌ (۱۰) موصوف ہونا جیسے: رَجُلٌ عَالِمٌ (۱۱) تاء متحرکہ آخر میں ہو، جیسے: ضَارِبَةٌ

H-M-HASNAIN-ASADI

سوال نمبر۳: (الف) مبنی الاصل کتنی اور کون کون سی چیزیں ہیں؟

(ب) مجرور متصل کی ضمیریں بیان کریں؟

(ج) اسمائے افعال اور اسمائے اصوات تحریر کریں؟

جواب: (الف) مبنی الاصل کی تعداد ونام: مبنی الاصل کی کل تعداد تین ہے:

(۱) فعل ماضی جیسے: ضَرَبَ، یہ مبنی علی الفتح ہوتی ہے۔

(۲) تمام حروف یعنی حروف تہجی الف سے یاء تک۔

(۳) امر حاضر معروف جیسے: اِضْرِبْ، یہ مبنی علی السکون ہوتا ہے۔

(ب) مجرور متصل کی ضمائر: یہ تعداد میں چودہ ہیں، جو حسب ذیل ہیں:

(۱) لِیْ (۲) لَنَا (۳) لَكَ (۴) لَكُمَا (۵) لَكُمْ (۶) لَكِ (۷) لَكُمَا (۸) لَكُنَّ

(۹) لَهٗ (۱۰) لَهُمَا (۱۱) لَهُمْ (۱۲) لَهَا (۱۳) لَهُمَا (۱۴) لَهُنَّ

(ج) اسماء افعال: اسماء افعال وہ ہیں جن کی شکل وصورت اسموں جیسی ہو اور معانی افعال والے ہوں۔ ان کی دو اقسام ہیں:

(۱) اسماء افعال بمعنی فعل ماضی: جیسے: هَيْهَاتَ، شَتَّانَ، سَرْعَانَ

(۲) اسماء افعال بمعنی امر حاضر معروف، جیسے: رُوَيْدَ، بَلْهَ، هَلُمَّ، دُوْنَكَ، هَا۔

اسماء اصوات: وہ اسماء ہیں، جو آوازوں کی حکایت بیان کرنے کے لیے وضع کیے گئے ہیں، یہ تعداد میں پانچ ہیں: (۲) اُحْ اُحْ (۳) بَخٍّ (۴) نَخَّ (۵) غَاقِ

سوال نمبر۴: (الف) مذکر و مونث میں سے ہر ایک کی تعریف قلمبند کریں؟

(ب) مونث حقیقی اور مونث لفظی کی تعریف کریں اور مثالیں دیں؟

(ج) جمع قلت کی تعریف کر کے اس کے اوزان تحریر کریں؟

جواب: (الف) مذکر و مونث کی تعریفات:

(۱) **مذکر:** وہ اسم ہے، جس میں مونث کی علامت نہ ہو، جیسے: رَجُلٌ

(۲) **مونث:** وہ اسم ہے، جس میں مونث کی علامت موجود ہو۔

مونث کی چار علامات ہیں: (۱) تاء ملفوظہ جیسے: طَلْحَةُ (۲) تائے مقدرہ جیسے: اَرْضٌ (۳) الف مقصورہ جیسے: حُبْلٰی (۴) الف ممدودہ جیسے: حَمْرَاءُ۔

(ب) مونث حقیقی اور مونث لفظی کی تعریفات اور ان کی مثالیں:

(۱) **مؤنث حقیقی:** وہ اسم مونث ہے، جس کے مقابلہ میں جاندار مذکر ہو، جیسے: اِمْرَاَةٌ کے مقابلہ رَجُلٌ

H-M-HASNAIN-ASADI

(۲) مونث لفظی: وہ مونث ہے، جس کے مقابلہ میں مذکر نہ ہو، جیسے: ظُلْمَةٌ، قُوَّةٌ، نَاقَةٌ اور جَمَلٌ۔

(ج) جمع قلت کی تعریف اور اس کے اوزان: جمع قلت وہ ہے، جو تین سے زائد اور دس سے کم چیزوں پر دلالت کرے۔ اس کے چھ اوزان ہیں:

(۱) اَفْعَالٌ جیسے: اَقْوَالٌ (۲) اَفْعُلٌ جیسے: اَكْلُبٌ (۳) اَفْعِلَةٌ جیسے: اَعْوِنَةٌ (۴) فِعْلَةٌ جیسے: غِلْمَةٌ (۵) بغیر الف ولام کے جمع مذکر سالم جیسے: مُسْلِمُوْنَ (۶) جمع مونث سالم بغیر الف ولام کے جیسے: مُسْلِمَاتٌ۔

سوال نمبر ۵: (الف) حروف مشبہ بالفعل کون کون سے ہیں؟ نیز ان کا عمل بیان کریں؟

(ب) مندرجہ ذیل کی تعریف لکھیں؟

جمع تصحیح، مفعول له، مفعول معه، مفعول فيه

جواب: (الف) حروف مشبہ بالفعل اور ان کا عمل: حروف مشبہ بالفعل وہ ہیں، جو عمل کے لحاظ سے فعل سے مشابہت رکھتے ہیں، وہ تعداد میں کل چھ ہیں:

(۱) اِنَّ (۲) اَنَّ (۳) كَاَنَّ (۴) لَيْتَ (۵) لٰكِنَّ (۶) لَعَلَّ۔

حروف مشبہ بالفعل کا عمل یہ ہے کہ یہ جملہ اسمیہ پر داخل ہوتے ہیں۔ مبتداء کو نصب دیتے ہیں، اسے ان کا اسم کہا جاتا ہے اور خبر کو رفع دیتے ہیں اور اسے ان کی خبر کہا جاتا ہے۔ جیسے: اِنَّ زَيْدًا قَائِمٌ۔

(ب) اصطلاحات نحویہ کی تعریفات:

(۱) جمع تصحیح: وہ ہے کہ واحد میں تبدیلی کیے بغیر اس کے آخر میں حروف کا اضافہ کر کے بنائی جاتی ہے۔ مثلاً مُسْلِمٌ سے مُسْلِمُوْنَ اور مُسْلِمَةٌ سے مُسْلِمَاتٌ۔

(۲) مفعول لہ: وہ مفعول ہے، جس کے لیے فعل مذکور کیا جائے اور لام مقدر کی وجہ سے وہ منصوب ہوتا ہے، جیسے: ضَرَبْتُهُ، تَادِيْبًا۔

(۳) مفعول معہ: وہ مفعول ہے، جو واؤ بمعنی مع کے بعد واقع ہو، مثلاً جَاءَ الْبَرْدُ وَالْجُبَّاتِ میں واؤ مع کے معنی کے ساتھ اور اَلْجُبَّاتِ مفعول مَعَهُ ہے۔

(۴) مفعول فیہ: وہ مفعول ہے، جس میں فعل مذکور واقع ہو اور اسے ظرف بھی کہا جاتا ہے۔ جیسے: دَخَلْتُ فِي الدَّارِ۔

H-M-HASNAIN-ASADI

سالانہ امتحان الشھادۃ الثانویۃ العامۃ (میٹرک سال دوم)

برائے طالبات سال ۱۴۴۱ھ/2020ء

﴿پانچواں پرچہ: عربی ادب﴾

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات لکھیں؟

سوال نمبر ۱: درج ذیل سے صرف تین اجزاء کا بامحاورہ ترجمہ کریں؟ ۳×۱۰=۳۰

(الف) نملك اراضی زراعیة کثیرة الخیرات تنتج القمح و الارز و الخضر و ارید الان ان اعرف شیئا عن بیتك .

(ب) ان اشکر الناس لله اشکرھم للناس . المومن للمومن کالبنیان یشد بعضه بعضا .

(ج) وکان رضی الله عنه رجلا وقورا نزیھا عفیفا فی الجاھلیة والاسلام ولم یعبد الاوثان ولم یشرب الخمر ابداء .

(د) قیل لجحا: ان امراتك قد اضاعت عقلھا، ففکر قلیلا، ثم قال: انا اعلم انه لاعقل لھا فدعنی . اتذکر ما الذی اضاعته .

سوال نمبر ۲: درج ذیل سے کوئی سے دو اشعار کا ترجمہ کریں؟ ۲×۱۰=۲۰

(الف) فلم نر مثله فی لناس حیا ولیس له من الموتی عدیل

(ب) فقد اتیت رسول الله معتذرا والعذر عند رسول الله مقبول

(ج) اضحی الاسلام لنا دینا وجمیع الکون لنا وطنا

سوال نمبر ۳: درج ذیل سے کوئی سے چار سوالات کے عربی میں جوابات تحریر کریں؟ ۴×۵=۲۰

(۱) این و متی ولد رسول الله (۲) من ھو اول الناس ایمانا و اسلاما؟

(۳) متی ظھرت باکستان علی خریطة العالم (۴) متی سرقت ثیاب جحا؟

(۵) متی اسلم ابوبکر رضی الله عنه؟

سوال نمبر ۴: درج ذیل سے صرف پانچ الفاظ کو عربی جملوں میں استعمال کریں؟ ۳×۵=۱۵

سکن . فوز . الیوم . خلال . وطن . من .

سوال نمبر ۵: درج ذیل سے پانچ جملوں کا عربی میں ترجمہ کریں؟ ۳×۵=۱۵

(۱) میں نے اول درجے میں سفر کیا۔ (۲) سب بھلائی اللہ کے پاس ہے۔

(۳) اپنی آخرت کے لیے کوشش کرو۔ (۴) سعید ایک شہری لڑکا ہے۔

(۵) تمہارے مدرسے کا کیا نام ہے؟ (۶) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انبیاء میں سے آخری نبی ہیں۔

H-M-HASNAIN-ASADI

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طالبات بابت ۲۰۲۰ء

پانچواں پرچہ: عربی ادب

سوال نمبر۱: درج ذیل سے صرف تین اجزاء کا بامحاورہ ترجمہ کریں؟

(الف) نملك اراضی زراعية كثيرة الخيرات تنتج القمح و الارز و الخضر و اريد الان ان اعرف شيئا عن بيتك ۔

(ب) ان اشكر الناس لله اشكرهم للناس ۔ المومن للمومن كالبنيان يشد بعضه بعضا ۔

(ج) وكان رضی الله عنه رجلا وقورا نزيها عفيفا فی الجاهلية والاسلام ولم يعبد الاوثان ولم يشرب الخمر ابداء ۔

(د) قيل لجحا: ان امراتك قد اضاعت عقلها، ففكر قليلا، ثم قال: انا اعلم انه لاعقل لها فدعنی ۔ اتذكر ما الذی اضاعته ۔

جواب: اجزاء کا بامحاورہ ترجمہ:

(الف) ہم خوب پیداوار دینے والی زرعی اراضی کے مالک ہیں، جو گندم، چاول اور سبزیاں پیدا کرتی ہے۔ اب میں آپ کے گھر کے بارے میں کچھ معلوم کرنا چاہتا ہوں۔

(ب) بیشک لوگوں میں سے سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ کا شکر گزار وہ (بندہ) ہے جو لوگوں کا زیادہ شکریہ ادا کرتا ہے۔

(ج) آپ (حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ) زمانہ جاہلیت اور زمانہ اسلام میں باوقار، سنجیدہ اور پاک دامن رہے۔ آپ نے کبھی بتوں کی پوجا نہ کی اور نہ شراب نوشی کی۔ آپ پہلے شخص تھے جن کو عرب کے شرفاء اور سرداروں میں سے اللہ تعالیٰ نے پہلے اسلام قبول کرنے کا شرف بخشا۔

(د) جحا سے کہا گیا: بے شک تیری بیوی کی عقل ضائع ہوگئی ہے۔ اس نے تھوڑی دیر سوچا اور جواب دیا: مجھے علم ہے، اس کی عقل نہیں تھی، تم مجھے مہلت دو تا کہ میں یاد کرلوں کہ اس نے کیا چیز ضائع کی ہے۔

سوال نمبر۲: درج ذیل اشعار کا ترجمہ کریں؟

(الف) فلم نر مثله فی لناس حيا   وليس له من الموتی عديل

(ب) فقد اتيت رسول الله معتذرا   والعذر عند رسول الله مقبول

(ج) اضحی الاسلام لنا دينا   وجميع الكون لنا وطنا

H-M-HASNAIN-ASADI

جواب: اشعار کا ترجمہ:

(الف) زندہ لوگوں میں ہم نے آپ کی مثل کوئی نہیں دیکھا اور فوت شدگان میں بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا کوئی ہم پلہ نہیں ہے۔

(ب) پس بے شک میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں معذرت طلب کرنے کے لیے حاضر ہوا، اس لیے کہ آپ کے پاس معذرت قبول کی جاتی ہے۔

(ج) اسلام ہمارا دین بن گیا ہے اور تمام جہان ہمارا وطن ہے۔

سوال نمبر۳: درج ذیل سے کوئی سے چار سوالات کے عربی میں جوابات تحریر کریں؟

(۱) این و متی ولد رسول اللہ (۲) من هو اول الناس ایمانا و اسلاما؟

(۳) متی ظهرت باکستان علی خریطة العالم (۴) متی سرقت ثیاب جحا؟

(۵) متی اسلم ابوبکر رضی اللہ عنه؟

جواب: سوالات کے عربی میں جوابات:

(۱) ولد سیدنا رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم بمکة المکرمة فی صبیحة یوم الاثنین، الثانی عشر من ربیع الاول عام من حادث الفیل ۔

(۲) سیدنا ابوبکرن الصدیق رضی اللہ عنه امیر المومنین و اول خلیفة الرسول صلی اللہ علیه وسلم ۔

(۳) ظهرت باکستان علی خریطة العالم فی الرابع عشر فی شهر اغسطس سنة ۱۹۴۷ء

(۴) سرقت ثیاب جحا، حین هو کان فی الحمام ۔

(۵) هو اول من شرفهم اللہ تعالی باعتناق الاسلام ۔

سوال نمبر۴: درج ذیل سے صرف پانچ الفاظ کو عربی جملوں میں استعمال کریں؟ ۳×۵=۱۵

سکن ۔ فوز ۔ الیوم ۔ خلال ۔ وطن ۔ من ۔

جواب: الفاظ کا عربی جملوں میں استعمال

الفاظ	جملے
سکن:	سکن توحید اللہ و محبت رسوله فی قلوبنا
فوز:	للمسلم فوز کبیر
الیوم:	ان درسنا الیوم عن محبة رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم

H-M-HASNAIN-ASADI

خلال: فزرت حديقة شاليمار فى خلال الاجازة الصيفية

وطن: جميع الكون لنا وطن

من: من اسمك يا اخى؟

سوال نمبر۵: درج ذیل سے پانچ جملوں کا عربی میں ترجمہ کریں؟

(۱) میں نے اول درجے میں سفر کیا۔ (۲) سب بھلائی اللہ کے پاس ہے۔

(۳) اپنی آخرت کے لیے کوشش کرو۔ (۴) سعید ایک شہری لڑکا ہے۔

(۵) تمہارے مدرسے کا کیا نام ہے؟ (۶) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انبیاء میں سے آخری نبی ہیں۔

جواب: اردو جملوں کا عربی میں ترجمہ:

(۱) سافرت فى الدرجة الاولى

(۲) الخير كله عند الله

(۳) اعملوا لاخرتكم

(۴) سعيد، ولد حضرى

(۵) ما اسم مدرستك؟

(۶) رسول الله صلى الله عليه وسلم، خاتم الانبياء عليهم السلام

☆☆☆☆☆

H-M-HASNAIN-ASADI

سالانہ امتحان الشھادۃ الثانویۃ العامۃ (میٹرک سال دوم)

برائے طالبات سال ۱۴۴۱ھ/2020ء

﴿چھٹا پرچہ: انگلش وریاضی﴾

نوٹ: حصہ اول کے تمام سوال لازمی ہیں جبکہ حصہ دوم کا پہلا سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی تین سوال حل کریں۔

حصہ اوّل......انگلش

Q No 1: Write an essay of 100 words on any one of the following. 15

1. My Jamia 2. My Favorite Book 3. My Hobby

Q.No 2: Translate into Urdu (any one) 15

(i) In the fifth and sixth centuries, mankind stood on the verge of chaos. it seemed that the civilization which had taken four thousand years to grow had started crumbling. at this point in time, Allah Almighty riased a prophet among themselves who was to lift the humanity from their ignorance into the light of faith.

(ii) patriotism means love for the motherland devotion to one's country. A patriot loves his country and is willing to sacrifice when the need arises. The word patriot comes from the Latin word "patriota" which means countryman. it is considered a commendable quality.

Q.No 3: Translate into English (Any two) (2x5=10)

(۱) وہ روزانہ مدرسے جاتی ہیں (۲) میری بہن دسویں کلاس میں پڑھتی ہے (۳) میں کھانا پکاتی ہوں (۴) عابدہ نے صبح کی سیر کی (۵) بشریٰ نے قرآن کی تلاوت کی۔

Q.No 4: Answer any two of the following questions. (2x5=10)

H-M-HASNAIN-ASADI

(i)For which ability the Arabs were famous? (ii) What was the first revelation? (iii) Why was Hazrat Abu Quhaffaa Worried? (iv) What did Hazrat Ayesha say about the life of the Holy Prophet?

حصہ دوم......ریاضی

سوال نمبر 6: (الف) درج ذیل فیصد کو کسروں کی آسان شکل میں لکھیں؟ ۱۰=۵+۵

56% (i) 95% (ii)

(ب) درج ذیل اعشاریہ کو فیصد میں تبدیل کیجئے۔ ۱۰=۵+۵

0.845 (i) 3.41 (ii)

سوال نمبر 7: ایک ترکھان کی میز بنانے پر 720 روپے لاگت آئی۔ اگر اس نے یہ میز 920 روپے میں بیچی تو منافع فیصد میں بتایئے؟ ۱۰

سوال نمبر 8: ایک ہاکی ٹیم نے کھیلے گئے میچوں میں سے 62% جیتے جبکہ 26% برابر رہے۔ ہاکی ٹیم نے کل کتنے فیصد میچ ہارے؟ ۱۰

سوال نمبر 9: 160 روپے فی میٹر اور 150 روپے فی میٹر کے درمیان نسبت معلوم کیجئے۔ ۱۰

سوال نمبر 10: 20:50::8:x کے تناسب میں x کی قیمت معلوم کریں۔ ۱۰

☆☆☆☆☆☆

سالانہ امتحان الشہادۃ الثانویہ العامۃ (میٹرک سال دوم) برائے طالبات سال

۱۴۴۱ھ/۲۰۲۰ء

چھٹا پرچہ: انگلش وریاضی

نوٹ: حصہ اول کے تمام سوال لازمی ہیں جبکہ حصہ دوم کا پہلا سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی تین سوال حل کریں۔

حصہ اول......انگلش

Q.No 1: Write an essay of 100 words on any one of the following. 15

H-M-HASNAIN-ASADI

1. My Jamia 2. My Favorite Book 3. My Hobby

My Jamia

I Study in Jamia...... It is in Lahore city. Its building is grand. It is more than 50 Years old. It has 70 rooms. All the rooms are airy and wide. A Mosque is in it. Its Liberary is very big. 600 students study here. Some studen stay in hostel. Drs-e-Nazami is taught here. The Quran is learnt here. School education is also here. computer is also taught here. Ten teacher's work in our jamia who take much interest in teaching. Our principal is a very good person. He is a man of Principle. I like my Jamia.

My favourite book

The religious book of muslims is the Holy Quran. It means the most widely read book. The Holy Quran is the last book of Allah. Its author is not a human being. Allahعزوجل is Author. Allahعزوجل gave it to the last prophet Muhammad (S.A.W.W) It has thirty parts. It has 114 Surah. The longest chapter is Sura-AL-Baqara. The shortest chapter is Sura-AL-Kawsar. Muslims daily recite it. It tells us the oneness of God. It tells us the way of His prophets. Knowledge of every thing is in this book. It is written in Arabic. It is easy to learn. It is the word of Allahعزوجل. It is the most glorious book. It is only for the betterment of human beings. I like to recite it.

H-M-HASNAIN ASADI

My Hobby

Books reading is my hobby. I learn many thing through it. The books are best fellow. They make the man successfull. My friends like my hobby. They lend books from me to read. I take much care of my books. I save them from running. I have different types of book. Most of are Islamic. I buy books from my pocket money. My friends also gift me books. Books reading is a good hobby. We should read good books. It is my favourite hobby.

Q.No 2: Translate into Urdu (any one)

(i) In the fifth and sixth centuries, mankind stood on the verge of chaos. it seemed that the civilization which had taken four thousand years to grow had started crumbling. at this point in time, Allah Almighty riased a prophet among themselves who was to lift the humanity from their ignorance into the light of faith.

Translation:

پانچویں اور چھٹی صدی میں نسل انسانی تباہی کے کنارے پر کھڑی تھی۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ تہذیب جس نے پروان چڑھنے میں چار ہزار سال لیے تھے ٹکڑے ٹکڑے ہونا شروع ہوگئی تھی۔ اس وقت اللہ عزوجل نے ان ہی میں سے ایک پیغمبر کو پیدا کیا۔ جس نے انسانیت کو جہالت کے اندھیروں سے نکال کر ایمان کی روشنی میں سربلند کیا۔

(ii) patriotism means love for the motherland devotion to one's country. A patriot loves his country and is willing to sacrifice when the need arises. The word patriot comes from the Latin word "patriota" which means countryman. it is considered a commendable quality.

Translation:

H-M-HASNAIN-ASADI

حب الوطنی کا مطلب ہے: کسی شخص کی اپنے وطن سے محبت یا وفاداری۔ ایک محب الوطن اپنے ملک سے محبت کرتا ہے اور ضروریات کے وقت قربانی کے لیے تیار رہتا ہے۔ محب الوطن کا لفظ لاطینی زبان کے لفظ وطن پرست سے نکلا ہے۔ جس کا مطلب ہے: ہم وطن۔ یہ ایک تعریف کے قابل خوبی سمجھی جاتی ہے۔

Q.No 3: Translate into English (Any two)

(۱) وہ روزانہ مدرسے جاتی ہے۔ — She goes to Jamia daily.

(۲) میری بہن دسویں کلاس میں پڑھتی ہے۔ — My sister studies in 10th class.

(۳) میں کھانا پکاتی ہوں۔ — I cook meal.

(۴) عابدہ نے صبح کی سیر کی۔ — Abida did the morning walk.

(۵) بشریٰ نے قرآن کی تلاوت کی۔ — Bushra recited the holy Quran.

Q.No 4: Answer any two of the following questions.

(i)For which ability the Arabs were famous?

Ans: The Arabs were famous for their remarkable memory and ability of eloquence.

(ii) What was the first revelation?

Ans: The first revelation was: Read in the name of the Lord Who created' Created man from a clot' Read thy Lord id most bountiful. Who taught by pen, taught man that which he knew not.

(iii) Why was Hazrat Abu Quhaffaa Worried?

Ans: Because he thought that Abu-Bakr taken all the wealth with him, leaving him and children empty handed and helpless.

(iv) What did Hazrat Ayesha say about the life of the Holy Prophet?

Ans: she said "His morals and characters are the embodiment of the holy Quran."

H-M-HASNAIN-ASADI

حصہ دوم......ریاضی

سوال نمبر 5: (الف) درج ذیل فیصد کو کسروں کی آسان شکل میں لکھیں؟

حل:

(i) 56%

$$= \frac{56}{100}$$

$$= \frac{14}{25}$$ جواب:

(ii) 95%

$$\frac{95}{100}$$

$$= \frac{19}{20}$$ جواب:

(ب) درج ذیل اعشاریہ کو فیصد میں تبدیل کیجئے۔

حل:

(i) 0.845

$$= \frac{845}{1000} X100$$

$$= \frac{845}{10}$$

$$= 84.5\%$$ جواب:

(ii) 3.45

$$= \frac{345}{100} X100$$

$$= 341\%$$ جواب:

H-M-HASNAIN-ASADI

سوال نمبر 6: ایک ترکھان کی میز بنانے پر 720 روپے لاگت آئی۔ اگر اس نے یہ میز 920 روپے میں بیچی تو منافع فیصد میں بتائیے؟ ۱۰

قیمت خرید = 720

قیمت فروخت = 920

نفع = قیمت فروخت - قیمت خرید

= 920-720

= 200 روپے

$= \frac{\text{نفع} \times 100}{\text{قیمت خرید}}$

نفع % $\frac{100}{720} \times 100$

= 27.78% Ans

سوال نمبر 7: ایک ہاکی ٹیم نے کھیلے گئے میچوں میں سے 62% جیتے جبکہ 26% برابر رہے۔ ہاکی ٹیم نے کل کتنے فیصد میچ ہارے؟ ۱۰

حل:

فرض کیا کل کھیلے گئے میچ = 100%

جیتے گئے میچوں اور برابر رہنے والے میچوں کی تعداد = 62% + 26%

= 88%

ہارے گئے میچوں کی تعداد = (100% - 88%)

= 12% Ans

سوال نمبر 8: 160 روپے فی میٹر اور 150 روپے فی میٹر کے درمیان نسبت معلوم کیجئے؟

حل:

160 : 150

16 : 15 Ans

H-M-HASNAIN-ASADI

سوال نمبر 9: 20:50::8:x کے تناسب میں x کی قیمت معلوم کریں۔ ۱۰

حل:

وسطین کا حاصل ضرب = طرفین کا حاصل ضرب

$20x^{x} = 50x8$

$20x^{x} = 400$

$x = 400/20$

$x = 20$ Ans

☆☆☆☆☆☆☆

H-M-HASNAIN-ASADI

Dars e Nizami All Board Books

تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طالبات بابت ۱۴۴۲ھ/2021ء

پہلا پرچہ: قرآن مجید

وقت: تین گھنٹے　　　　کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔

سوال نمبر 1:- کوئی سے دو اجزاء کا ترجمہ کریں؟ ۳۴=۱۷+۱۷

(الف) اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يُدْعَوْنَ اِلٰى كِتٰبِ اللّٰهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ يَتَوَلّٰى فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ وَ هُمْ مُّعْرِضُوْنَ○

(ب) ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ اِلَيْكَ ؕ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ يُلْقُوْنَ اَقْلَامَهُمْ اَيُّهُمْ يَكْفُلُ مَرْيَمَ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ يَخْتَصِمُوْنَ○

(ج) وَمِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مَنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِقِنْطَارٍ يُّؤَدِّهٖۤ اِلَيْكَ ۚ وَ مِنْهُمْ مَّنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِدِيْنَارٍ لَّا يُؤَدِّهٖۤ اِلَيْكَ اِلَّا مَا دُمْتَ عَلَيْهِ قَآئِمًا ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لَيْسَ عَلَيْنَا فِى الْاُمِّيّٖنَ سَبِيْلٌ ۚ

سوال نمبر 2:- کوئی سے تین اجزاء کا ترجمہ کریں؟ ۳۳=۱۱×۳

(الف) وَ لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ تَفَرَّقُوْا وَ اخْتَلَفُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ؕ وَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ○

(ب) ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ اَيْنَ مَا ثُقِفُوْۤا اِلَّا بِحَبْلٍ مِّنَ اللّٰهِ وَحَبْلٍ مِّنَ النَّاسِ وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الْمَسْكَنَةُ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ

(ج) وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى لَكُمْ وَ لِتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُكُمْ بِهٖ ؕ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ○

(د) اِذْ تُصْعِدُوْنَ وَلَا تَلْوٗنَ عَلٰۤى اَحَدٍ وَّ الرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ فِىْۤ اُخْرٰىكُمْ فَاَثَابَكُمْ غَمًّاۢ بِغَمٍّ لِّكَيْلَا تَحْزَنُوْا عَلٰى مَا فَاتَكُمْ وَلَا مَاۤ اَصَابَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ○

سوال نمبر 3:- کوئی سے تین اجزاء کا ترجمہ کریں؟ ۳۳=۱۱×۳

(الف) اَلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ مِنْۢ بَعْدِ مَاۤ اَصَابَهُمُ الْقَرْحُ ؕ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا مِنْهُمْ وَاتَّقَوْا اَجْرٌ عَظِيْمٌ○

(ب) وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اَنَّمَا نُمْلِىْ لَهُمْ خَيْرٌ لِّاَنْفُسِهِمْ ؕ اِنَّمَا نُمْلِىْ لَهُمْ

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

لِيَزْدَادُوْا اِثْمًا ج وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ٥

(ج) يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا قف وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ٥

(د) وَاٰتُوا النِّسَآءَ صَدُقٰتِهِنَّ نِحْلَةً ط فَاِنْ طِبْنَ لَكُمْ عَنْ شَيْءٍ مِّنْهُ نَفْسًا فَكُلُوْهُ هَنِيْئًا مَّرِيْئًا٥

☆☆☆

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طالبات بابت 2021ء

پہلا پرچہ: قرآن مجید

سوال نمبر 1:-درج ذیل اجزاء کا ترجمہ کریں؟

(الف) اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يُدْعَوْنَ اِلٰى كِتٰبِ اللّٰهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ يَتَوَلّٰى فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ وَهُمْ مُّعْرِضُوْنَ٥

(ب) ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ اِلَيْكَ ط وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ يُلْقُوْنَ اَقْلَامَهُمْ اَيُّهُمْ يَكْفُلُ مَرْيَمَ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ يَخْتَصِمُوْنَ٥

(ج) وَمِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مَنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِقِنْطَارٍ يُّؤَدِّهٖٓ اِلَيْكَ ج وَمِنْهُمْ مَّنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِدِيْنَارٍ لَّا يُؤَدِّهٖٓ اِلَيْكَ اِلَّا مَا دُمْتَ عَلَيْهِ قَآئِمًا ط ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لَيْسَ عَلَيْنَا فِي الْاُمِّيّٖنَ سَبِيْلٌ ج

جواب: اجزاء کا ترجمہ:

(الف) کیا تم نے انہیں نہ دیکھا، جنہیں کتاب کا ایک حصہ ملا، کتاب اللہ کی طرف بلائے جاتے ہیں کہ ان کا فیصلہ کرے۔ پھر ان میں کا ایک گروہ اس سے روگردان ہو کر پھر جاتا ہے۔

(ب) یہ غیب کی خبریں ہیں کہ ہم خفیہ طور پر تمہیں بتاتے ہیں اور تم ان کے پاس نہ تھے، جب وہ اپنی قلموں سے قرعہ ڈالتے تھے کہ مریم کس کی پرورش میں رہیں اور تم ان کے پاس نہ تھے جب وہ جھگڑ رہے تھے۔

(ج) اور کتابیوں میں کوئی وہ ہے اگر تو اس کے پاس ایک ڈھیر امانت رکھے، تو وہ تجھے ادا کر دے گا، اور ان میں کوئی وہ ہے اگر ایک اشرفی اس کے پاس امانت رکھے، تو وہ تجھے پھیر کر نہ دے گا مگر جب تک تو اس کے سر پر کھڑا رہے، یہ اس لیے کہ وہ کہتے ہیں کہ ان پڑھوں کے معاملہ میں ہم پر کوئی مؤاخذہ نہیں۔

سوال نمبر 2:-درج ذیل اجزاء کا ترجمہ کریں؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(الف) وَ لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِیْنَ تَفَرَّقُوْا وَ اخْتَلَفُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْبَیِّنٰتُؕ وَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِیْمٌ۝

(ب) ضُرِبَتْ عَلَیْهِمُ الذِّلَّةُ اَیْنَ مَا ثُقِفُوْۤا اِلَّا بِحَبْلٍ مِّنَ اللّٰهِ وَ حَبْلٍ مِّنَ النَّاسِ وَ بَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَ ضُرِبَتْ عَلَیْهِمُ الْمَسْكَنَةُؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا یَكْفُرُوْنَ بِاٰیٰتِ اللّٰهِ

(ج) وَ مَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى لَكُمْ وَ لِتَطْمَىٕنَّ قُلُوْبُكُمْ بِهٖؕ وَ مَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ الْعَزِیْزِ الْحَكِیْمِ۝

(د) اِذْ تُصْعِدُوْنَ وَ لَا تَلْوٗنَ عَلٰۤى اَحَدٍ وَّ الرَّسُوْلُ یَدْعُوْكُمْ فِیْۤ اُخْرٰىكُمْ فَاَثَابَكُمْ غَمًّۢا بِغَمٍّ لِّكَیْلَا تَحْزَنُوْا عَلٰى مَا فَاتَكُمْ وَ لَا مَاۤ اَصَابَكُمْؕ وَ اللّٰهُ خَبِیْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ۝

جواب: اجزاء کا ترجمہ:

(الف) اور تم ان جیسے نہ ہونا، جو آپس میں پھٹ گئے اور ان میں پھوٹ پڑ گئی بعد اس کے کہ روشن نشانیاں انہیں آچکی تھیں اور ان کے لیے بڑا عذاب ہے۔

(ب) ان پر جمادی گئی خواری جہاں ہو امان نہ پائیں مگر اللہ کی ڈور اور آدمیوں کی ڈور سے اور غضب الٰہی کے سزاوار ہوئے اور ان پر جمادی گئی محتاجی، یہ اس لیے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی آیتوں سے کفر کرتے تھے۔

(ج) اور یہ فتح اللہ نے نہ کی مگر تمہاری خوشی کے لیے اور اسی لیے کہ اس سے تمہارے دلوں کو چین ملے اور مدد نہیں مگر اللہ غالب حکمت والے کے پاس سے، اس لیے کہ کافروں کا ایک حصہ کاٹ دے یا انہیں ذلیل کرے کہ نا مراد پھر جائیں۔

(د) جب تم منہ اٹھائے چلے جاتے تھے اور پیٹھ پھیر کر کسی کو نہ دیکھتے اور دوسری جماعت میں ہمارے رسول تمہیں پکار رہے تھے، تو تمہیں غم کا بدلہ غم دیا اور معافی اس لیے سنائی کہ جو ہاتھ سے گیا اور جو افتاد پڑی اس کا رنج نہ کرو، اور اللہ کو تمہارے کاموں کی خبر ہے۔

سوال نمبر 3:- درج ذیل اجزاء کا ترجمہ کریں؟

(الف) اَلَّذِیْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰهِ وَ الرَّسُوْلِ مِنْۢ بَعْدِ مَاۤ اَصَابَهُمُ الْقَرْحُ ؕۛ لِلَّذِیْنَ اَحْسَنُوْا مِنْهُمْ وَ اتَّقَوْا اَجْرٌ عَظِیْمٌ۝

(ب) وَ لَا یَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْۤا اَنَّمَا نُمْلِیْ لَهُمْ خَیْرٌ لِّاَنْفُسِهِمْؕ اِنَّمَا نُمْلِیْ لَهُمْ لِیَزْدَادُوْۤا اِثْمًاۚ وَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِیْنٌ۝

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(ج) يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا قف وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ○

(د) وَاٰتُوا النِّسَآءَ صَدُقٰتِهِنَّ نِحْلَةً ط فَاِنْ طِبْنَ لَكُمْ عَنْ شَیْءٍ مِّنْهُ نَفْسًا فَكُلُوْهُ هَنِيْٓـًٔا مَّرِيْٓـًٔا○

جواب: ترجمہ اجزاء:

(الف) وہ اللہ اور رسول کے بلانے پر حاضر ہوئے بعد اس کے کہ انہیں زخم پہنچ چکا تھا، ان کے نیکوکاروں اور پرہیزگاروں کے لیے بڑا ثواب ہے۔

(ب) اور ہرگز کافر اس گمان میں نہ رہیں کہ وہ جو ہم انہیں ڈھیل دیتے ہیں کچھ ان کے لیے بھلا ہے، ہم تو اسی لیے انہیں ڈھیل دیتے ہیں کہ اور گناہ میں بڑھیں اور ان کے لیے ذلت کا عذاب ہے۔

(ج) اے ایمان والو! تم صبر کرو، اور صبر میں دشمنوں سے آگے رہو اور سرحد پر اسلامی ملک کی نگہبانی کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو اس امید پر کہ کامیاب ہو۔

(د) اور عورتوں کو ان کے مہر خوشی سے دو، پھر اگر وہ اپنے دل کی خوشی سے مہر میں سے تمہیں کچھ دے دیں، تو اسے کھاؤ رچتا پچتا۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طالبات بابت ۱۴۴۲ھ/2021ء

دوسرا پرچہ: حدیث نبوی

وقت: تین گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: کوئی سے تین سوالات کا حل مطلوب ہے۔

سوال نمبر 1:-"عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ان اللہ تعالیٰ یبسط یدہ باللیل لیتوب مسیء النهار، ویبسط یدہ بالنهار لیتوب مسیء اللیل حتی تطلع الشمس من مغربها؟"

(الف) حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟ ۲۰=۱۰+۱۰

(ب) توبہ کے لیے بیان کردہ شرائط لکھیں؟ ۱۴

سوال نمبر 2:-(الف) تعلیم امت کے لیے حضور صلی اللہ علیہ وسلم روزانہ کتنی مرتبہ توبہ فرماتے تھے؟ ٦

(ب) سو افراد کے قاتل کی توبہ کا قصہ تحریر کریں؟ ۱۵

(ج) کن تین صحابہ کرام علیہم الرضوان سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کلام کرنے سے منع فرما دیا تھا؟ ۱۲=۴×۳

سوال نمبر 3:-"قال فاخبرنی عن الساعة قال: ما المسؤول عنها باعلم من السائل. قال فأخبرنی عن امارتها. قال: ان تلد الامة ربتها، وان تری الحفاة العراة العالة رعاء الشاء یتطاولون فی البنیان. ثم انطلق"

(الف) حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ تحریر کریں؟ ۲۰=۱۰+۱۰

(ب) "اللھم انی اسألك الهدی والتقی والعفاف والغنی" کا ترجمہ تحریر کریں؟ ۵

(ج) "من عادی لی ولیاً فقد اٰذنته بالحرب" حدیث مذکور پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟ ۸=۴+۴

سوال نمبر 4:-قال: کنت ابیت مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فآتیه بوضوئه وحاجته فقال: سلنی، فقلت: اسالك مرافقتك فی الجنة. فقال: او غیر ذلك؟ قلت: هو ذاك

(الف) عبارت حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟ ۲۰=۱۰+۱۰

(ب) حدیث مذکور میں "قال" کی ضمیر کا مرجع اور ان کا نام اور کنیت بیان کریں؟ ۱۰

(ج) ریاض الصالحین کے مصنف کا نام لکھیں؟ ۳

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طالبات بابت 2021ء

دوسرا پرچہ: حدیث نبوی

سوال نمبر 1:- "عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى وَيَبْسُطُ يَدَهُ بِالَّيْلِ لِيَتُوْبَ مُسِيْءُ النَّهَارِ، وَيَبْسُطُ يَدَهُ بِالنَّهَارِ لِيَتُوبَ مُسِيْءُ اللَّيْلِ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ مَّغْرِبِهَا؟"

(الف) حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) توبہ کے لیے بیان کردہ شرائط لکھیں؟

جواب: (الف) اعراب برحدیث اور ترجمہ حدیث:

نوٹ: اعراب برحدیث لگادیے ہیں اور ترجمہ حدیث درج ذیل ہے:

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے کہ آپ نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ اپنے دست اقدس کو رات کے وقت دراز کرتا ہے، تاکہ دن میں گناہ کرنے والے توبہ کریں۔ اور اللہ تعالیٰ اپنے دست اقدس کو دن کے وقت دراز کرتا ہے تاکہ رات کے وقت گناہ کرنے والے توبہ کریں، یہاں تک کہ سورج مغرب سے طلوع ہو جائے گا۔

(ب) توبہ کے لیے تین شرائط:

توبہ کے لیے تین شرائط ہیں، جو درج ذیل ہیں:

(۱) گناہ سے باز آ جائے، (۲) گناہ کرنے پر شرمسار ہو، (۳) وہ اس بات کا پختہ ارادہ کرے کہ وہ یہ گناہ دوبارہ نہیں کرے گا۔

اگر ان تین شرائط میں سے ایک بھی مفقود ہوگئی، تو توبہ درست نہیں ہوگی۔ اگر گناہ کا تعلق بندے کے ساتھ ہو، تو ان تین شرائط کے علاوہ چوتھی شرط یہ ہوگی کہ حق والے کے حق میں براءت کا اظہار کرے۔ اگر اس نے کسی کا مال لیا ہو، تو وہ مال اسے واپس کرے، اگر تہمت کا معاملہ ہو، تو اس کو اپنے اوپر اختیار دے اور اس سے معافی مانگے، اگر غیبت کی صورت ہو، تو بھی معافی کا طلب گار ہو۔ تمام گناہوں سے توبہ کرنا واجب ہے، اگر بعض گناہوں سے توبہ کی، تو اہل حق کے نزدیک بعض گناہوں سے توبہ کرنا درست ہوگا اور باقی گناہوں کی توبہ کرنا اس کے ذمہ باقی رہے گی۔ توبہ کتاب اللہ، سنت رسول اور اجماع کے مختلف دلائل سے ثابت ہے۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

سوال نمبر 2:- (الف) تعلیم امت کے لیے حضور صلی اللہ علیہ وسلم روزانہ کتنی مرتبہ توبہ فرماتے تھے؟

(ب) سو افراد کے قاتل کی توبہ کا قصہ تحریر کریں؟

(ج) کن تین صحابہ کرام علیہم الرضوان سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کلام کرنے سے منع فرما دیا تھا؟

جواب: (الف) تعلیم امت کے لیے روزانہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی توبہ کرنا:

تعلیم امت کے لیے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن میں ستر بار یا اس سے بھی زائد مرتبہ توبہ کرتے تھے۔ چنانچہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: آپ نے فرمایا: اللہ کی قسم! میں ایک دن میں ستر (۷۰) یا اس سے زیادہ بار اپنے پروردگار سے توبہ و استغفار کرتا ہوں۔

(ب) سو افراد کے قاتل کی توبہ کا واقعہ:

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم سے پہلی امتوں میں سے ایک آدمی تھا، جس نے ننانوے افراد قتل کیے تھے، پھر اس نے معلوم کرنا چاہا کہ علاقہ کے سب سے بڑے عالم کے بارے میں، پھر اس کو ایک راہب کی نشاندہی کی گئی، پھر وہ راہب کے پاس گیا اور کہا کہ اس نے ننانوے افراد قتل کیے ہیں، کیا اس کی توبہ کی گنجائش ہے؟ راہب نے جواب میں کہا: نہیں، تو اس نے اس راہب کو بھی قتل کر دیا، اب اس نے سو افراد کے قتل کی تعداد پوری کر دی۔ پھر اس نے علاقہ کے بڑے عالم کے بارے میں پتہ دریافت کیا، اسے ایک عالم کے بارے میں بتایا گیا، اس شخص نے اس عالم کو بتایا کہ اس نے سو افراد قتل کیے ہیں، کیا اس کے لیے کوئی توبہ کی گنجائش ہے؟ اس عالم نے جواب میں کہا: ہاں، تمہاری توبہ کی قبولیت کے لیے کوئی چیز رکاوٹ نہیں ہو سکتی، تم فلاں علاقہ میں جاؤ، وہاں کچھ لوگ اللہ تعالیٰ کی عبادت میں مصروف ہیں، تم بھی ان کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی عبادت میں مشغول ہو جاؤ، پھر اپنے علاقہ کی طرف مت آنا، کیونکہ یہ بری زمین ہے۔ وہ شخص چل پڑا، جب وہ آدھے راستہ میں پہنچا، تو اسے موت آ گئی۔ اس آدمی کے بارے میں عذاب و رحمت کے فرشتے آپس میں تنازع کرنے لگے، رحمت کے فرشتوں نے عذاب والے فرشتوں سے کہا: یہ توبہ کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوا، عذاب والے فرشتوں نے رحمت والے فرشتوں سے کہا: اس نے کبھی بھی کوئی نیکی والا کام نہیں کیا، پھر اس کے پاس ایک فرشتہ انسانی شکل میں آیا، انہوں نے اسے اپنے درمیان ثالث بنا لیا، اس نے کہا: زمین کے دونوں حصوں کی پیمائش کرو، جس طرف کی مسافت کم ہوگی، وہی اس کا حکم ہوگا۔ فرشتوں نے زمین ناپی تو جس طرف وہ جا رہا تھا، اسے اس زمین کے زیادہ قریب پایا، تو رحمت کے فرشتوں نے اس کو حاصل کر لیا۔ ایک روایت میں ہے کہ وہ نیک لوگوں کی بستی کی طرف ایک بالشت زیادہ تھا، تو اللہ تعالیٰ نے اسے نیکوں کے ساتھ کر دیا۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

ایک روایت میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس بستی کو حکم کیا کہ دور ہو جا اور دوسری بستی کو حکم دیا تو قریب ہو جا، پھر فرمایا: تم ان دونوں کے درمیان پیمائش کرو، تو فرشتوں نے اس شخص کو نیک لوگوں کی بستی کے ایک بالشت قریب پایا، تو اسے معاف کر دیا۔ ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں: وہ اپنے سینے کے بل سرک کر ان نیک لوگوں کی بستی کی طرف ہو گیا۔

(ج) ان تین صحابہ کرام کے نام جن سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کلام کرنے سے منع فرمایا:

غزوہ تبوک میں تین صحابہ کرام شامل نہ ہوئے، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں کو ان سے گفتگو کرنے سے منع کر دیا تھا، ان تینوں کے نام درج ذیل ہیں:

(۱) حضرت کعب، (۲) حضرت مرارہ بن ربیع العمری، (۳) حضرت ہلال بن امیہ واقفی رضی اللہ عنہم۔
بالآخر اللہ تعالیٰ نے ان کی توبہ قبول فرمائی، انہیں معاف کر دیا اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی انہیں معاف فرما دیا تھا۔

سوال نمبر 3: ”قَالَ فَأَخْبِرْنِي عَنِ السَّاعَةِ قَالَ: مَا الْمَسْؤُوْلُ عَنْهَا بِأَعْلَمَ مِنَ السَّائِلِ . قَالَ فَأَخْبِرْنِي عَنْ أَمَارَتِهَا . قَالَ: أَنْ تَلِدَ الْأُمَّةُ رَبَّتَهَا، وَأَنْ تَرَى الْحُفَاةَ الْعُرَاةَ الْعَالَةَ رِعَاءَ الشَّاءِ يَتَطَاوَلُوْنَ فِي الْبُنْيَانِ . ثُمَّ انْطَلَقَ“

(الف) حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ تحریر کریں؟

(ب) ”اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الْهُدٰى وَالتُّقٰى وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰى“ کا ترجمہ تحریر کریں؟

(ج) ”مَنْ عَادٰى لِي وَلِيًّا فَقَدْ اٰذَنْتُهُ بِالْحَرْبِ“ حدیث شریف پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

جواب: (الف) اعراب بر حدیث اور ترجمہ حدیث:

نوٹ: اعراب اوپر لگا دیے گئے ہیں، ترجمہ حدیث درج ذیل ہے:

اس نے کہا: آپ مجھے قیامت کے بارے میں بتائیں؟ آپ نے جواب میں فرمایا: مسئول، سائل سے زیادہ نہیں جانتا۔ اس نے پھر کہا: آپ مجھے اس کی علامات کے بارے میں بتائیں؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لونڈی اپنے مالک کو جنے گی، تم دیکھو گے ننگے پاؤں، برہنہ جسم، مفلس اور بکریاں چرانے والے عالی شان محلات میں رہائش پذیر ہوں گے، وہ ایک دوسرے پر فخر کریں گے، پھر وہ شخص واپس پلٹ گیا۔

(ب) ترجمہ عبارت:

اے پروردگار! بے شک میں تجھ سے ہدایت، پرہیز گاری، پاکدامنی اور (غیر سے) بے

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

نیازی کا سوال کرتا ہوں۔

(ج) عبارت پر اعراب اور ترجمہ عبارت:

نوٹ: اعراب اوپر لگا دیے گئے ہیں اور ترجمہ درج ذیل ہے:

(اللہ تعالیٰ نے فرمایا:) جس شخص نے میرے ولی (دوست) سے عداوت رکھی، پس بے شک میں اسے جنگ کا چیلنج دیتا ہوں۔

سوال نمبر 4: قَالَ: كُنْتُ اَبِيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاٰتِيْهِ بِوَضُوْئِهٖ وَحَاجَتِهٖ فَقَالَ: سَلْنِيْ، فَقُلْتُ: اَسْاَلُكَ مُرَافَقَتَكَ فِي الْجَنَّةِ . فَقَالَ: اَوَ غَيْرَ ذٰلِكَ؟ قُلْتُ: هُوَ ذَاكَ

(الف) عبارت حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) حدیث مذکور میں "قال" کی ضمیر کا مرجع اور ان کا نام اور کنیت بیان کریں؟

(ج) ریاض الصالحین کے مصنف کا نام لکھیں؟

جواب: (الف) حدیث پر اعراب اور ترجمہ حدیث:

نوٹ: اعراب اوپر لگا دیے گئے ہیں اور ترجمہ حدیث درج ذیل ہے:

(حضرت ربیعہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:) میں رات کے وقت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دروازے پر رہا کرتا تھا، میں آپ کے لیے وضو کا پانی پیش کرتا تھا، تو (ایک دفعہ) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا: تم (جو چاہتے ہو) مجھ سے مانگ لو؟ میں نے عرض کیا: میں جنت میں آپ کی رفاقت مانگتا ہوں، تو آپ نے فرمایا: کیا اس کے علاوہ کچھ اور بھی؟ میں نے عرض کیا: میرے لیے یہی کافی ہے۔

(ب) "حدیث" کے حوالے سے "قَالَ" کا مرجع، اس کا نام اور اس کی کنیت:

حدیث مذکور میں لفظ "قَالَ" کی ضمیر کا مرجع حضرت ربیعہ رضی اللہ عنہ ہے، یہی ان کا نام ہے اور ان کی کنیت "ابوفراس" ہے۔

(ج) "ریاض الصالحین" کے مصنف کا نام:

کتاب "ریاض الصالحین" کے مصنف کا پورا اسم گرامی یوں ہے: شیخ الاسلام ابوزکریا محی الدین یحییٰ بن شرف بن مری بن حسن بن حسین بن جمعہ بن حزام رحمہ اللہ تعالیٰ۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طالبات بابت ۱۴۴۲ھ/2021ء

تیسرا پرچہ: صرف

وقت: تین گھنٹے — کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: کوئی سے تین سوالات کا حل مطلوب ہے۔

سوال نمبر 1:-(الف) علم صرف کی تعریف، موضوع اور غرض وغایت بیان کریں؟ ۹=۲+۲+۵

(ب) سہ اقسام سے کیا مراد ہے ہر ایک کی تعریف مثالوں سے لکھیں؟ ۱۸=۶x۳

(ج) شش اقسام کے فقط نام تحریر کریں؟ ۷

سوال نمبر 2:-(الف) اسم مشتق کی کتنی اور کون سی اقسام ہیں؟ فقط نام لکھیں؟ ۱۲=۲x۶

(ب) ہفت اقسام کے نام لکھیں؟ ۱۴=۲x۷

(ج) لفیف کی اقسام کی تعریفات و مثالیں لکھیں؟ ۷

سوال نمبر 3:-(الف) ضَرَبَ يَضْرِبُ کی صرف صغیر تحریر کریں؟ ۱۵

(ب) فعل مضارع معلوم مؤکد بالام ونون تاکید ثقیلہ کی گردان مع ترجمہ وصیغہ لکھیں؟ ۱۵=۳x۵

(ج) فعل نہی حاضر معلوم کی گردان لکھیں؟ ۳

سوال نمبر 4:-(الف) ضویرب کی بناء تحریر کریں؟ ۱۱

(ب) مضروب کی بناء لکھیں؟ ۱۱

(ج) اضرب کی بناء تحریر کریں؟ ۱۱

☆☆☆

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طالبات بابت 2021ء

تیسرا پرچہ: صرف

سوال نمبر 1:-(الف) علم صرف کی تعریف، موضوع اور غرض وغایت بیان کریں؟

(ب) سہ اقسام سے کیا مراد ہے ہر ایک کی تعریف مثالوں سے لکھیں؟

(ج) شش اقسام کے فقط نام تحریر کریں؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

جواب: (الف) علم صرف کی تعریف، موضوع اور غرض وغایت:

۱-علم صرف کی تعریف: وہ علم ہے جس سے ایک کلمہ کو دوسرے کلمہ سے بنانے کا طریقہ معلوم ہو، کلمہ کی گردان اور تبدیلی وتعلیل معلوم ہو۔

۲-موضوع: کلمہ گردان اور تبدیل وتعلیل کی حیثیت سے۔

۳-غرض وغایت: گردان اور تبدیلی میں ذہن کو غلطی سے بچانا۔

(ب) سہ اقسام کی تعریفات مع امثلہ:

لفظ غیر مہمل کی تین اقسام ہیں اور انہیں سہ اقسام بھی کہتے ہیں، وہ درج ذیل ہیں:

۱-اسم: وہ کلمہ ہے، جو خود بخود اپنا معنیٰ بتائے اور اس میں تین زمانوں میں سے کوئی زمانہ نہ پایا جائے مثلاً زید۔

۲-فعل: وہ کلمہ ہے، جو خود بخود اپنا معنیٰ بتائے اور اس میں تین زمانوں یعنی ماضی، حال اور مستقبل میں سے کوئی زمانہ بھی پایا جائے مثلاً ضَرَبَ یَضْرِبُ۔

۳-حرف: وہ کلمہ ہے، جو خود بخود اپنا معنیٰ نہ بتائے، معنیٰ بتانے میں غیر کا محتاج ہو مثلاً سِرْتُ مِنَ الْبَصْرَةِ اِلَی الْکُوْفَةِ۔

(ج) ششم اقسام کے نام:

حروف اصلیہ کے اعتبار سے کلمہ کی تین اقسام ہیں:

(i) ثلاثی، (ii) رباعی، (iii) خماسی۔

پھر ان میں سے ہر ایک کی دو قسمیں ہیں: (i) مجرد، (ii) مزید فیہ۔

اس طرح یہ کل چھ اقسام بنتی ہیں، جو درج ذیل ہیں:

(۱) ثلاثی مجرد، (۲) ثلاثی مزید فیہ، (۳) رباعی مجرد، (۴) رباعی مزید فیہ، (۵) خماسی مجرد (۶) خماسی مزید فیہ۔

سوال نمبر 2:-(الف) اسم مشتق کی کتنی اور کون سی اقسام ہیں؟ فقط نام لکھیں؟

(ب) ہفت اقسام کے نام لکھیں؟

(ج) لفیف کی اقسام کی تعریفات و امثلہ لکھیں؟

جواب: (الف) اسماء مشتقات کی تعداد اور ان کی اقسام:

اسماء مشتقات کی کل تعداد چھ ہے اور ان کے نام درج ذیل ہیں:

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(۱) اسم فاعل، (۲) اسم مفعول، (۳) صفت مشبہ، (۴) اسم ظرف، (۵) اسم آلہ، (۶) اسم تفضیل۔

(ب) ہفت اقسام کے نام:

صحت وعدم صحت کے اعتبار سے کلمہ کی سات اقسام ہیں، جن کو ہفت اقسام بھی کہا جاتا ہے اور ان کے نام حسب ذیل ہیں:

(۱) صحیح، (۲) مثال، (۳) اجوف، (۴) ناقص، (۵) لفیف، (۶) مہموز، (۷) مضاعف۔

(ج) لفیف کی اقسام کی تعریفات مع امثلہ:

لفیف: وہ کلمہ ہے، جس میں دو حرف علت ہوں۔

اس کی دو اقسام ہیں، ان کی تعریفات مع امثلہ درج ذیل ہیں:

۱-لفیف مفروق: وہ کلمہ ہے، جس کے فاء اور لام کلمہ کی جگہ میں حرف علت ہو مثلاً وقی، وَقْیٌ۔

۲-لفیف مقرون: وہ کلمہ ہے، جس کے عین کلمہ اور لام کلمہ کی جگہ میں حروف علت ہوں مثلاً طُوی طَیٌّ۔

سوال نمبر3:-(الف) ضَرَبَ یَضْرِبُ سے صرف صغیر تحریر کریں؟

(ب) فعل مضارع معلوم مؤکد بالام ونون تاکید ثقیلہ کی گردان مع ترجمہ وصیغہ لکھیں؟

(ج) فعل نہی حاضر معلوم کی گردان لکھیں؟

جواب: (الف) "ضَرَبَ یَضْرِبُ" سے صرف صغیر:

ضَرَبَ یَضْرِبُ ضَرْباً فَهُوَ ضَارِبٌ وَضُرِبَ يُضْرَبُ ضَرْبًا فَذَاكَ مَضْرُوْبٌ لَمْ يَضْرِبْ لَمْ يُضْرَبْ لَا يَضْرِبُ لَا يُضْرَبُ لَنْ يَّضْرِبَ لَنْ يُّضْرَبَ الْاَمْرُ مِنْهُ اِضْرِبْ لِتُضْرَبْ لِيَضْرِبْ لِيُضْرَبْ وَالنَّهْىُ عَنْهُ لَا تَضْرِبْ لَا تُضْرَبْ لَا يَضْرِبْ لَا يُضْرَبْ وَالظَّرْفِ مِنْهُ مَضْرِبٌ مَضْرِبَانِ مَضَارِبُ مُضَيْرِبٌ وَالْاٰلَةُ الصُّغْرٰى مِنْهُ مِضْرَبٌ مِضْرَبَانِ مَضَارِبُ مُضَيْرِبٌ وَالْاٰلَةُ الْوُسْطٰى مِنْهُ مِضْرَبَةٌ مِضْرَبَتَانِ مَضَارِبُ مُضَيْرِبَةٌ وَالْاٰلَةُ الْكُبْرٰى مِنْهُ مِضْرَابٌ مِضْرَابَانِ مَضَارِيْبُ مُضَيْرِيْبٌ وَمُضَيْرِيْبَةٌ وَاَفْعَلُ التَّفْضِيْلِ الْمُذَكَّرُ مِنْهُ اَضْرَبُ اَضْرَبَانِ اَضْرَبُوْنَ اَضَارِبُ اُضَيْرِبٌ وَالْمُؤَنَّثُ مِنْهُ ضُرْبٰى ضُرْبَيَانِ ضُرْبَيَاتٌ ضُرَبٌ ضُرَيْبٰى وَفِعْلُ التَّعَجُّبِ مِنْهُ مَا اَضْرَبَهٗ وَاَضْرِبْ بِهٖ وَضَرُبَ يَا ضَرُبَتْ.

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(ب) گردان فعل مضارع معروف لام تاکید ونون تاکید ثقیلہ مع ترجمہ وصیغہ:

نمبر	گردان	صیغہ	ترجمہ
۱-	لَيَضْرِبَنَّ	صیغہ واحد مذکر غائب	ضرور بضرور مارتا ہے یا مارے گا وہ ایک آدمی۔
۲-	لَيَضْرِبَانِّ	صیغہ تثنیہ مذکر غائب	ضرور بضرور مارتے ہیں یا ماریں گے وہ دو آدمی۔
۳-	لَيَضْرِبُنَّ	صیغہ جمع مذکر غائب	ضرور بضرور مارتے ہیں یا ماریں گے وہ سب آدمی۔
۴-	لَتَضْرِبَنَّ	صیغہ واحد مؤنث غائب	ضرور بضرور مارتی ہے یا مارے گی وہ ایک عورت۔
۵-	لَتَضْرِبَانِّ	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب	ضرور بضرور مارتی ہیں یا ماریں گی وہ دو عورتیں۔
۶-	لَيَضْرِبْنَانِّ	صیغہ جمع مؤنث غائب	ضرور بضرور مارتی ہیں یا ماریں گی وہ سب عورتیں۔
۷-	لَتَضْرِبَنَّ	صیغہ واحد مذکر حاضر	ضرور بضرور مارتا ہے یا مارے گا تو ایک آدمی۔
۸-	لَتَضْرِبَانِّ	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر	ضرور بضرور مارتے ہو یا مارو گے تم دو مرد۔
۹-	لَتَضْرِبُنَّ	صیغہ جمع مذکر حاضر	ضرور بضرور مارتے ہو یا مارو گے تم سب مرد۔
۱۰-	لَتَضْرِبِنَّ	صیغہ واحد مؤنث حاضر	ضرور بضرور مارتی ہے یا مارے گی تو ایک عورت۔
۱۱-	لَتَضْرِبَانِّ	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر	ضرور بضرور مارتی ہو یا مارو گی تم دو عورتیں۔
۱۲-	لَتَضْرِبْنَانِّ	صیغہ جمع مؤنث حاضر	ضرور بضرور مارتی ہو یا مارو گی تم سب عورتیں۔
۱۳-	لَاَضْرِبَنَّ	صیغہ واحد متکلم	ضرور بضرور مارتا ہوں یا مارتی ہوں میں ایک مرد یا ایک عورت
۱۴-	لَنَضْرِبَنَّ	صیغہ تثنیہ وجمع متکلم	ضرور بضرور مارتے ہیں یا ماریں گے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں

(ج) فعل نہی حاضر معلوم کی گردان:

فعل نہی حاضر معلوم کی گردان درج ذیل ہے:

لَا تَضْرِبْ، لَا تَضْرِبَا، لَا تَضْرِبُوْا، لَا تَضْرِبِیْ، لَا تَضْرِبَا، لَا تَضْرِبْنَ

سوال نمبر 4:-(الف) ضُوَيْرِبٌ کی بناء تحریر کریں؟

(ب) مَضْرُوْبٌ کی بناء لکھیں؟

(ج) اِضْرِبْ کی بناء تحریر کریں؟

جواب: (الف) "ضُوَيْرِبٌ" کی بناء:

ضُوَیْرِبٌ: ضَارِبٌ سے بناتے ہیں، فاء کلمہ کو ضمہ دیا، دوسری جگہ الف مدہ زائدہ تھا، اس کو واؤ

Madaris News Official
H_M_Hasnain_Asadi

Dars e Nizami All Board Books

مفتوحہ سے بدل دیا، تیسری جگہ یاء علامت تصغیر لائے، باقی کو اپنے حال پر چھوڑا تو ضُوَيْرِبٌ ہو گیا۔

(ب) "مَضْرُوْبٌ" کی بناء:

مَضْرُوْبٌ کو يُضْرَبُ سے بناتے ہیں، علامت مضارع یاء کو حذف کر کے اس کی جگہ میم مفتوحہ علامت اسم مفعول لائے، عین کلمہ کو ضمہ دیا، تنوین تمکن علامت اسمیت کو آخر میں لائے، تو مَضْرُبٌ بروزن مَفْعُلٌ ہوا۔ چونکہ کلام عرب میں مَعُوْنٌ اور مَكْرُمٌ کے علاوہ یہ وزن موجود نہیں ہے، لہٰذا عین کلمہ کے ضمہ میں اشباع کیا تاکہ واؤ پیدا ہو جائے، تو مَضْرُوْبٌ بروزن مَفْعُوْلٌ ہو گیا۔

(ج) "اِضْرِبْ" کی بناء:

اِضْرِبْ کو تَضْرِبُ سے بناتے ہیں، علامت مضارع تاء کو حذف کیا، بعد والا حرف ساکن ہے اور ابتداء بالسکون محال ہے، اور عین چونکہ مضموم نہیں، لہٰذا شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لائے، آخر میں وقف کیا، علامت وقفی حرکت کے نقصان نہ ہوئی، تو اِضْرِبْ ہو گیا۔

☆☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طالبات بابت ۱۴۴۲ھ/2021ء

چوتھا پرچہ: نحو

وقت: تین گھنٹے　　　　کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: کوئی سے تین سوالات کا حل مطلوب ہے۔

سوال نمبر 1:- (الف) علم نحو کی تعریف، غرض اور موضوع تحریر کریں؟ ۱۳=۵+۳+۵

(ب) جملہ خبریہ کی دو اقسام کی تعریفات مع امثلہ بیان کریں؟ ۱۲=۶+۶

(ج) جملہ انشائیہ کی تعریف لکھیں نیز جملہ انشائیہ کی چھ (۶) اقسام کے نام لکھیں؟ ۹=۶+۳

سوال نمبر 2:- (الف) پانچ پانچ علامات اسم اور فعل مع امثلہ تحریر کریں؟ ۲۰=۱۰+۱۰

(ب) معرب اور مبنی کی تعریف کریں نیز مبنی الاصل کتنی چیزیں ہیں؟ نام لکھیں؟ ۱۳=۳+۵+۵

سوال نمبر 3:- (الف) معنی کے اعتبار سے جمع کی اقسام مثالوں سے واضح کریں؟ ۱۰=۵+۵

(ب) اسم متمکن کی سولہ (۱۶) اقسام میں سے پانچ کا اعراب مثالوں سے واضح کریں؟ ۱۵=۳×۵

(ج) مُسْلِمِيَّ کی اصل، تعلیل اور قاعدہ تحریر کریں؟ ۸

سوال نمبر 4:- (الف) اسم میں عمل کرنے والے حروف کون کون سے ہیں؟ مع امثلہ لکھیں۔ ۱۵=۳×۵

(ب) پانچوں مفاعیل کی تعریفات اور مثالیں بیان کریں؟ ۱۵=۳×۵

(ج) فعل متعدی بہ سہ مفعول کی ایک مثال تحریر کریں؟ ۳

☆☆☆

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طالبات بابت 2021ء

چوتھا پرچہ: نحو

سوال نمبر 1:- (الف) علم نحو کی تعریف، غرض اور موضوع تحریر کریں؟

(ب) جملہ خبریہ کی دو اقسام کی تعریفات مع امثلہ بیان کریں؟

(ج) جملہ انشائیہ کی تعریف لکھیں نیز جملہ انشائیہ کی چھ (۶) اقسام کے نام لکھیں؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

جواب: (الف) علم نحو کی تعریف، غرض اور موضوع:

۱-علم نحو کی تعریف: ان قواعد کا جاننا ہے، جن کی وجہ سے اسم، فعل اور حرف کی باہم ترکیب اور اعراب و بناء کے اعتبار سے ان کے آخر کی کیفیت معلوم کی جائے۔

۲-غرض وغایت: عربی عبارت میں ذہن کو اعرابی غلطی سے بچانا۔

۳-موضوع: کلمہ اور کلام ہے۔

(ب) جملہ خبریہ کی دو اقسام، ان کی تعریفات مع امثلہ:

جملہ خبریہ: وہ ہے جس کے قائل کو سچا یا جھوٹا قرار دیا جائے۔

اقسام: جملہ خبریہ کی دو اقسام ہیں، جو درج ذیل ہیں:

(۱) جملہ اسمیہ: وہ جملہ ہے، جس کا پہلا جز اسم ہو مثلاً زَيْدٌ قَائِمٌ۔

(۲) جملہ فعلیہ: وہ جملہ ہے، جس کا پہلا جز فعل ہو مثلاً قَامَ زَيْدٌ۔

(ج) جملہ انشائیہ کی تعریف اور اس کی چھ اقسام:

جملہ انشائیہ: وہ جملہ ہے، جس کے قائل کو سچا یا جھوٹا نہ قرار دیا جائے۔

جملہ انشائیہ کی چھ اقسام: جملہ انشائیہ کی چھ اقسام درج ذیل ہیں:

(۱) امر جیسے اِضْرِبْ، (۲) نہی جیسے لَا تَضْرِبْ، (۳) نداء جیسے يَا اَللّٰهُ، (۴) استفہام جیسے هَلْ ضَرَبَ زَيْدٌ عَمْرًوا؟ (۵) عقود جیسے بِعْتُ وَاشْتَرَيْتُ، (۶) تمنی جیسے لَيْتَ زَيْدًا حَاضِرٌ۔

سوال نمبر 2:-(الف) پانچ پانچ علامات اسم اور فعل مع امثلہ تحریر کریں؟

(ب) معرب اور مبنی کی تعریف کریں نیز مبنی الاصل کتنی چیزیں ہیں؟ نام لکھیں؟

جواب: (الف) اسم اور فعل کی پانچ پانچ علامات مع امثلہ:

۱-اسم کی پانچ علامات مع امثلہ: اسم کی پانچ علامات مع امثلہ درج ذیل ہیں:

(۱) شروع میں الف لام ہو جیسے اَلْحَمْدُ، (۲) شروع میں حرف جر ہو جیسے بِزَيْدٍ، (۳) آخر میں تنوین ہو جیسے زَيْدٌ، (۴) مسند الیہ ہو جیسے زَيْدٌ قَائِمٌ، (۵) مضاف ہو جیسے غُلَامُ زَيْدٍ۔

۲-فعل کی پانچ علامات مع امثلہ: فعل کی پانچ علامات درج ذیل ہیں:

(۱) شروع میں قد ہو جیسے قَدْ قَامَ، (۲) شروع میں سین ہو جیسے سَيَضْرِبُ، (۳) شروع میں سوف ہو جیسے سَوْفَ يَضْرِبُ، (۴) حرف جازم شروع میں ہو جیسے لَمْ يَضْرِبْ، (۵) آخر میں ضمیر مرفوع متصل ہو جیسے ضَرَبْتُ۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(ب) معرب اور مبنی کی تعریف اور مبنی الاصل کے نام:

معرب: وہ اسم ہے، جو غیر کے ساتھ مرکب ہو اور مبنی الاصل کے ساتھ مشابہت نہ رکھے جیسے قَامَ زَیْدٌ میں لفظ "زَیْدٌ" ہے۔

مبنی: وہ اسم ہے، جو غیر سے مرکب نہ ہو اور مبنی الاصل سے مشابہت رکھے جیسے ھٰؤُلَاءِ۔

مبنی الاصل کے نام: مبنی الاصل تین اشیاء ہیں، جو درج ذیل ہیں:

(۱) تمام حروف، (۲) فعل ماضی، (۳) فعل امر حاضر معلوم۔

سوال نمبر 3:- (الف) معنی کے اعتبار سے جمع کی اقسام مثالوں سے واضح کریں؟

(ب) اسم متمکن کی سولہ (۱۶) اقسام میں سے پانچ کا اعراب مثالوں سے واضح کریں؟

(ج) مُسْلِمِیَّ کی اصل، تعلیل اور قاعدہ تحریر کریں؟

جواب: (الف) معنی کے اعتبار سے جمع کی اقسام مع امثلہ:

معنی کے لحاظ سے جمع کی دو اقسام ہیں، جو درج ذیل ہیں:

۱- جمع قلت: وہ جمع ہے، جس کا اطلاق دو سے زائد اور دس سے کم چیزوں پر ہو۔ اس کے چھ اوزان ہیں، جو درج ذیل ہیں:

(i) اَفْعُلٌ جیسے اَکْلُبٌ، (ii) اَفْعَالٌ جیسے اَقْوَالٌ، (iii) فِعْلَةٌ جیسے غِلْمَةٌ، (iv) اَفْعِلَةٌ جیسے اَعْوِنَةٌ، (v) مُسْلِمُوْنَ، (vi) جمع مؤنث سالم بغیر الف لام کے جیسے مُسْلِمَاتٌ۔

(ب) اسم متمکن کی سولہ اقسام میں سے پانچ کا اعراب مع امثلہ:

۱، ۲، ۳- مفرد منصرف صحیح، مفرد منصرف جاری مجریٰ صحیح اور جمع مکسر تینوں کا اعراب رفع ضمہ لفظی سے، نصب فتح لفظی سے اور جر کسرہ لفظی سے آتا ہے جیسے جَآءَنِیْ زَیْدٌ وَدَلْوٌ وَظَبْیٌ وَرِجَالٌ، رَأَیْتُ زَیْدًا، وَدَلْوًا وَظَبْیًا وَرِجَالًا وَمَرَرْتُ بِزَیْدٍ وَدَلْوٍ وَظَبْیٍ وَرِجَالٍ۔

۴- جمع مؤنث سالم: رفع ضمہ لفظی سے، نصب اور جر دونوں کسرہ لفظی سے جیسے جَآءَنِیْ مُسْلِمَاتٌ، رَأَیْتُ مُسْلِمَاتٍ وَمَرَرْتُ بِمُسْلِمَاتٍ۔

۵- غیر منصرف: رفع ضمہ لفظی سے اور نصب و جر دونوں کسرہ لفظی سے آتا ہے جیسے جَاءَنِیْ اَحْمَدُ، رَأَیْتُ اَحْمَدَ، مَرَرْتُ بِاَحْمَدَ۔

(ج) "مُسْلِمِیَّ" کی اصل، تعلیل اور قاعدہ:

لفظ "مُسْلِمِیَّ" کی اصل "مُسْلِمُوْنَ" تھا، اسے یاء متکلم کی طرف مضاف کیا گیا، تو نون جمع مذکر کا گر

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

گیا، پھر "مُسْلِمُوْیَ" ہوگیا۔ قاعدہ ہے کہ جب واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوں، واؤ ساکن ہو، تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء کو یاء میں ادغام کرتے ہیں، چونکہ یاء چاہتی ہے کہ میرا ماقبل مکسور ہو، تو اس کے ماقبل کے ضمہ کو کسرہ سے بدل دیا، تو "مُسْلِمِیَّ" ہوگیا۔

سوال نمبر 4:۔ (الف) اسم میں عمل کرنے والے حروف کون کون سے ہیں؟ مع امثلہ لکھیں۔

(ب) پانچوں مفاعیل کی تعریفات اور مثالیں بیان کریں؟

(ج) فعل متعدی بہ سہ مفعول کی ایک مثال تحریر کریں؟

جواب: (الف) اسم میں عمل کرنے والے حروف اور ان کی مثالیں:

اسم میں عمل کرنے والے حروف پانچ قسم کے ہیں، وہ بمع امثلہ درج ذیل ہیں:

۱۔حروف جارہ: یہ سترہ ہیں، جو اسم پر داخل ہو کر اسے جر دیتے ہیں۔ وہ درج ذیل ہیں:

بـاء، تاء، مِنْ، اِلٰی، حَتّٰی، فِیْ، لام، رُبَّ، واؤ قسم، تاء قسم، عَنْ، عَلٰی، کاف تشبیہ، مُذْ، مُنْذُ، حَاشَا، خَلَا، عَدَا جیسے اَلْمَالُ لِزَیْدٍ۔

۲۔حروف مشبہ بفعل: یہ تعداد میں چھ ہیں، جو اپنے اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتے ہیں۔ وہ درج ذیل ہیں:

(۱) اِنَّ، (۲) اَنَّ، (۳) کَاَنَّ، (۴) لٰکِنَّ، (۵) لَیْتَ، (۶) لَعَلَّ۔ مثال جیسے اِنَّ زَیْدًا قَائِمٌ۔

۳۔ماولا مشابہ بلیس: یہ اپنے اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتے ہیں جیسے مَا زَیْدٌ قَائِمًا۔

۴۔لائے نفی جنس: اس کے تین قواعد ہیں:

(الف) لا کا اسم اکثر مضاف منصوب ہوتا ہے اور خبر مرفوع ہوتی ہے جیسے لَا غُلَامَ رَجُلٍ ظَرِیْفٌ فِی الدَّارِ۔

(ب) اگر لا کے بعد اسم معرفہ ہو، مابعد لا دوسرے معرفہ کے تکرار سے آجائے تو "لا" عمل نہیں کرتا، مابعد اسم مبتداء کی حیثیت سے مرفوع ہوتا ہے جیسے لَا زَیْدٌ عِنْدِیْ وَلَا عَمْرٌو۔

(ج) اگر لا کے بعد نکرہ مفردہ ہو اور لا دوسرے نکرہ کے تکرار سے آئے تو اس میں پانچ وجوہات پڑھنا جائز ہے:

(۱) لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

(۲) لَاحَوْلٌ وَلَا قُوَّةٌ اِلَّا بِاللّٰهِ

(۳) لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةٌ اِلَّا بِاللّٰهِ

(۴) لَاحَوْلٌ وَّلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(۵) لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ ۔

۵- حروف نداء: یہ تعداد میں پانچ ہیں:

(۱) یَا، (۲) اَیَا، (۳) ھَیَا، (۴) اَیْ، (۵) ہمزہ مفتوحہ۔

منادیٰ مضاف، یا مشابہ مضاف اور یا نکرہ غیرہ معین ہو تو منصوب ہوگا جیسے یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ۔

اگر منادیٰ معرفہ ہو تو رفع کی علامت پر مبنی ہوگا جیسے یَا زَیْدُ، یَا زَیْدَانِ، یَا مُوْسٰی، یَا قَاضِیُ۔

یاد رہے کہ اَیْ اور ہمزہ مفتوحہ قریب کے لیے، اَیَا اور ھَیَا دونوں دور کے لیے آتے ہیں جبکہ "یَا" عام ہے۔

(ب) پانچوں مفاعیل کی تعریفات مع امثلہ:

پانچوں مفاعیل کی تعریفات مع امثلہ درج ذیل ہیں:

۱- مفعول مطلق: وہ مفعول ہے، جو اپنے فعل کے معنیٰ کے ساتھ ہو جیسے ضَرَبْتُ ضَرْبًا۔

۲- مفعول بہ: وہ مفعول ہے، جس پر فاعل کا فعل واقع ہو جیسے ضَرَبَ زَیْدٌ عَمْرًا۔

۳- مفعول فیہ: وہ مفعول جس میں فاعل کا فعل واقع ہو، اس کو ظرف کہتے ہیں، اور ظرف کی دو اقسام ہیں:

(i) ظرف زمان جیسے صُمْتُ یَوْمَ الْجُمُعَةِ

(ii) ظرف مکان جیسے جَلَسْتُ عِنْدَكَ۔

۴- مفعول لہ: وہ مفعول ہے، جس کے لیے فعل مذکور واقع ہو جیسے قُمْتُ اِکْرَامًا لِزَیْدٍ

۵- مفعول معہ: وہ مفعول ہے، جو واؤ بمعنیٰ مع کے بعد واقع ہو جیسے جَاءَ الْبَرْدُ وَالْجُبَّاتِ۔

(ج) فعل متعدی بسہ مفعول کی مثال:

فعل متعدی بسہ مفعول کی مثال یہ ہے: اَعْلَمَ اللّٰہُ زَیْدًا عَمْرًوا فَاضِلًا۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طالبات بابت ۱۴۴۲ھ/2021ء

پانچواں پرچہ: عربی ادب

وقت: تین گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے جبکہ ہر سوال میں جزوی رعایت موجود ہے۔

سوال نمبر 1:- (الف) درج ذیل میں سے صرف دو اجزاء کا اردو ترجمہ تحریر کریں؟ ۱۰+۱۰=۲۰

۱- وَ عِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا وَّ اِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا ○ اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا ط ○ وَ قُلْ رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ○ وَمَنْ يُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيْرًا ط

۲- وُلِدَ سَيِّدُنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَعْبِ بَنِيْ هَاشِمٍ بِمَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ فِيْ صُبَيْحَةِ يَوْمِ الْاِثْنَيْنِ الثَّانِيْ عَشَرَ مِنْ رَبِيْعِ الْاَوَّلِ لِاَوَّلِ عَامٍ مِّنْ حَادِثِ الْفِيْلِ وَيُوَافِقُ ذٰلِكَ الْعِشْرِيْنَ مِنْ شَهْرِ اِبْرِيْلَ سَنَةَ ۵۷۱م

۳- نَعَمْ يَا فَاطِمَةُ! مَبْنَاهَا جَمِيْلٌ رَائِعٌ جِدًّا وَلَهُ اَجْنِحَةٌ كَثِيْرَةٌ وَكُلُّ جَنَاحٍ يَضُمُّ غُرَفًا كَثِيْرَةً فِيْ طَابِقَيْنِ وَلَهَا مَخْضَرَاتٌ وَحَدَائِقُ جَمِيْلَةٌ جِدًّا وَفِيْهَا اَشْجَارٌ جَمِيْلَةٌ وَاَزْهَارٌ رَائِعَةٌ مُتَنَوِّعَةُ الْاَلْوَانِ وَالرَّائِحَةِ ۔

(ب) درج ذیل میں سے کوئی سے چار اشعار کا اردو میں ترجمہ لکھیں؟ ۵×۴=۲۰

۱- یا فاطر الخلق البدیع و کافلا رزق الجمیع سحاب جودك هاطل
۲- عظمت صفاتك یا عظیم فحل ان یحصی الثناء علیك فیها قائل
۳- واحسن منك لم ترقط عینی واجمل منك لم تلد النساء
۴- خلقت مبرء من كل عیب كأنك قد خلقت كما تشاء
۵- روحی الفداء لمن اخلاقه شهدت بانه خیر مولود من البشر
۶- عمت فضائله كل العباد كما عم البریة ضوء الشمس والقمر

سوال نمبر 2:- (الف) درج ذیل میں سے تین جملوں میں خالی جگہوں کو پُر کریں؟ ۵×۳=۱۵

۱- ومن یؤت...... فقد أوتی خیرا كثیرا ۔ ۲- وسماه جده...... وسمته أمه أحمد ۔

۳- التمسوا...... قبل شراء الدار ۔ ۴- المومن للمومن...... یشد بعضه بعضا ۔

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

۵– ولم أطيب التحيات...... ودمتم .

(ب) درج ذیل میں سے صرف تین الفاظ کو مفید جملوں میں استعمال کریں؟ ۵×۳=۱۵

العزيمة، الاستقامة، الاستوآء، مدة، المولد

سوال نمبر 3:- (الف) درج ذیل جملوں میں سے صرف تین جملوں کا عربی میں ترجمہ تحریر کریں؟ ۵×۳=۱۵

۱- اللہ کے بندے وہ ہیں جو تواضع سے زمین پر چلتے ہیں۔ ۲- اہل علم ہی اللہ سے ڈرتے ہیں۔ ۳- جاہلوں سے کنارہ کشی اختیار کرو۔ ۴- آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا قد درمیانہ تھا۔ ۵- آپ صلی اللہ علیہ وسلم سب سے زیادہ خوش اخلاق تھے۔

(ب) درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر عربی زبان میں مضمون تحریر کریں جو کم از کم پچاس الفاظ پر مشتمل ہو؟ ۱۵

1- مولد الرسول صلى الله عليه وسلم، 2- مدرستي، 3- جمهورية باكستان الإسلامية

☆☆☆

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طالبات بابت 2021ء

پانچواں پرچہ: عربی ادب

سوال نمبر 1:- (الف) درج ذیل اجزاء کا اردو ترجمہ تحریر کریں؟

۱– وَ عِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا وَّاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا ٥ اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا ط ٥ وَ قُلْ رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا وَمَنْ يُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيْرًا ط

۲– وُلِدَ سَيِّدُنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَعْبِ بَنِيْ هَاشِمٍ بِمَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ فِيْ صَبِيْحَةِ يَوْمِ الْاِثْنَيْنِ الثَّانِيْ عَشَرَ مِنْ رَبِيْعِ الْاَوَّلِ لِاَوَّلِ عَامٍ مِّنْ حَادِثِ الْفِيْلِ وَيُوَافِقُ ذٰلِكَ الْعِشْرِيْنَ مِنْ شَهْرِ اِبْرِيْلَ سَنَةَ ۵۷۱م .

۳– نَعَمْ يَا فَاطِمَةُ! مَبْنَاهَا جَمِيْلٌ رَائِعٌ جِدًّا وَلَهُ اَجْنِحَةٌ كَثِيْرَةٌ وَكُلُّ جَنَاحٍ يَضُمُّ غُرَفًا كَثِيْرَةً فِيْ طَابِقَيْنِ وَلَهَا مَخْضَرَاتٌ وَحَدَائِقُ جَمِيْلَةٌ جِدًّا وَفِيْهَا اَشْجَارٌ جَمِيْلَةٌ وَاَزْهَارٌ رَائِعَةٌ مُتَنَوِّعَةُ الْاَلْوَانِ وَالرَّائِحَةِ .

(ب) درج ذیل اشعار کا اردو میں ترجمہ لکھیں؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

١- يا فاطر الخلق البديع و كافلا ... رزق الجميع سحاب جودك هاطل
٢- عظمت صفاتك يا عظيم فحل ان ... يحصي الثناء عليك فيها قائل
٣- واحسن منك لم ترقط عيني ... واجمل منك لم تلد النساء
٤- خلقت مبرء من كل عيب ... كأنك قد خلقت كما تشاء
٥- روحي الفداء لمن اخلاقه شهدت ... بانه خير مولود من البشر
٦- عمت فضائله كل العباد كما ... عم البرية ضوء الشمس والقمر

جواب: (الف) اجزاء کا اردو ترجمہ:

۱- اور رحمٰن کے بندے وہ ہیں، وہ زمین پر عاجزی سے چلتے ہیں اور جب جاہل ان سے گفتگو کرتے ہیں، تو وہ کہتے ہیں: بس ہماری طرف سے سلام ہو، بے شک اللہ تعالیٰ کے بندوں میں وہی ڈرتے ہیں اللہ تعالیٰ سے جو علم والے ہیں۔ اور کہہ دیجیے: اے میرے پروردگار! تو میرے علم میں اضافہ فرما! اور جس کسی کو حکمت دی گئی، اسے بہت زیادہ بھلائی دی گئی۔

۲- ہمارے سردار اللہ تعالیٰ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت قبیلہ بنو ہاشم میں، مکہ معظمہ میں بروز پیر بارہ (۱۲) ربیع الاول عین صبح کے وقت، ہاتھیوں والے سانحہ سے ایک سال قبل جو ۲۰ اپریل 571ء میں ہوئی۔

۳- (طارق:) ہاں، اے فاطمہ اس کی عمارت خوبصورت ہے اور بہت دل کو بھانے والی ہے اور اس کے کئی پورشن ہیں، اور ہر بلاک بہت کمروں پر مشتمل ہے اور اس کی ہریالی بہت خوبصورت باغیچے ہیں، جن میں خوبصورت درخت ہیں اور دل کو بھانے والے پھول ہیں جو کہ گوناگوں یا گونا گونہ رنگوں کے اور خوشبو کے شاندار ہیں۔

(ب) اشعار کا ترجمہ:

۱- اے مخلوق کو بغیر نقش کے پیدا کرنے والے اور تمام مخلوقات کے رزق کی کفالت کرنے والے! تیری سخاوت کا بادل موسلا دھار برسنے والی بارش کی مثل ہے۔

۲- اے بڑائی والے! تیری صفات بھی بڑی ہیں، تو کس کے لیے جائز ہوا کہ تیری تعریف کرنے والا کوئی تیری ثناء کا احاطہ وشمار کر سکے۔

۳- اور آپ سے حسین میری آنکھ نے کبھی دیکھا ہی نہیں، اس حال میں کہ آپ سے زیادہ حسن و

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

جمال والا کسی عورت نے پیدا ہی نہیں کیا۔

۴-آپ کو ہر عیب سے پاک پیدا کیا گیا، گویا کہ آپ کو یوں پیدا کیا گیا جیسا آپ نے چاہا۔

۵-میری جان فدا اس عظیم ہستی پر، جن کے اخلاق عالیہ اس بات پر گواہ ہیں کہ آپ تمام نوع انسانیت میں بہترین پیدا کیے گئے ہیں۔

۶-آپ کے کمالات تمام بندوں پر اس طرح پھیل چکے ہیں، جس طرح تمام مخلوق پر سورج اور چاند کی روشنی پھیلی ہوئی ہے۔

سوال نمبر2:-(الف) درج ذیل جملوں میں خالی جگہوں کو پُر کریں؟

١– ومن يؤت ...... فقد أوتي خيرا كثيرا .

٢– وسماه جده ...... وسمته أمه أحمد .

٣–التمسوا ...... قبل شراء الدار .

٤–المؤمن للمؤمن ...... يشد بعضه بعضا .

٥– ولم أجب التحيات ...... ودمتم .

(ب) درج ذیل الفاظ کو مفید جملوں میں استعمال کریں؟

العزيمة، الاستقامة، الاستواء، مدة المولد

جواب: (الف) جملوں میں خالی جگہ پر:

(۱)الحكمة، (۲)محمدًا، (۳)الجار، (۴) كالبنيان، (۵)السلام

(ب) الفاظ کا مفید جملوں میں استعمال:

١– اَلْعَزِيْمَةُ: اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الثَّبَاتَ فِی الْاَمْرِ وَالْعَزِيْمَةَ فِی الرُّشْدِ

٢– اَلْاِسْتِقَامَةُ: اَلْاِسْتِقَامَةُ فَوْقَ اَلْفِ كَرَامَةٍ .

٣– اَلْاِسْتِوَاءُ: اَلْاِسْتِوَاءُ بَيْنَ الْاَوْلَادِ حَتْمٌ .

٤– مُدَّةٌ: بَقِیَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِی الْمَكَّةِ الْمُكَرَّمَةِ مُدَّةً طَوِيْلَةً .

٥– اَلْمَوْلِدُ: حُسْنُ الْمَقْصَدِ فِیْ عَمَلِ الْمَوْلِدِ .

سوال نمبر3:-(الف) درج ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ تحریر کریں؟

۱-اللہ کے بندے وہ ہیں جو تواضع سے زمین پر چلتے ہیں۔

۲-اہل علم ہی اللہ سے ڈرتے ہیں۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

۳- جاہلوں سے کنارہ کشی اختیار کرو۔

۴- آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا قد درمیانہ تھا۔

۵- آپ صلی اللہ علیہ وسلم سب سے زیادہ خوش اخلاق تھے۔

(ب) درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر عربی زبان میں مضمون تحریر کریں جو کم از کم پچاس الفاظ پر مشتمل ہو؟

1- مولد الرسول صلى الله عليه وسلم، 2- مدرستي، 3- جمهورية باكستان الإسلامية

جواب: (الف) جملوں کا عربی میں ترجمہ:

(۱) عِبَادُ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا ۔

(۲) اَلْعُلَمَاءُ يَخْشَوْنَ اللّٰهَ ۔

(۳) اَعْرِضُوْا عَنِ الْجَاهِلِيْنَ ۔

(۴) كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَوَسِّطَ الْقَامَةِ ۔

(۵) كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكْرَمَ النَّاسِ اَخْلَاقًا ۔

(ب) مولد الرسول صلى اللّٰه عليه وسلم:

كان الناس يعيشون تحت لواء الظلم والعبودية والاسترقاق والاستغلال، لافي جزيرة العرب فحسب بل في جميع ارجاء العالم. رحمه اللّٰه الناس و بعث فيهم محمدًا صلى اللّٰه عليه وسلم رسولاً ورحمة للعالمين فانجلى ظلام الضلال و الظلم وارتفعت اعلام دين التوحيد.

وولد خاتم النبيين وسيّد المرسلين بمكة سنة ٥٧٠م بعد وفاة ابيه عبداللّٰه باشهر قليلة وماتت امه السيّدة امنة وهو ابن ست سنين. وكفلهٗ جده عبدالمطلب ثم عمه ابو طالب. وتزوّج من السيّدة الطاهرة خديجة بنت خويلد وهو في الخامسة والعشرين من عمره.

وبدأ عليه الصلوٰة والسّلام بدعوته الى الاسلام بمكة وهوابن الأربعين واستمربها ثلاث عشرة سنة ولكن قريشا كذبوه واذوه واصحابه فهاجر الى المدينة سنة ٦٢٢م. ولكن المشركين بمكة ما انفكوا من معاداتهم اياه. عليه السلام واضطهاده واصحابه. فاضطر عليه السلام الى عدة من الغزوات ضدّ

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

المشركين ليدافعوا عن انفسهم ۔ وانتصر على المشركين وكان انتصاره الجاسم يوم فتح مكة فدخلها فاتحًا سنة ٨ ھ ٦٣٠م ۔ وعفاعنهم ۔ وقد مكث عليه السلام فى المدينة المنورة عشر سنواتٍ حتى لحق بالرفيق الاعلىٰ فى الثالثة والستين من عمرہٖ فى سنة ١ ھ /٦٣٢م بعد ان حجّ حجّة الوداع وأن رأى دينه القيم يعم جزيرة العرب جميعها ۔

ودينه عليه السلام يدعو الى التوحيد والحق والعد الاحسان والمساواة والىٰ كل خلق كريم وينهىٰ عن الشرك والظلم والاستغلال والتميز العنصرى واللونى واللسانى وغيره كما انه يحرم الربو واكل المال بالباطل ويأمر بالانفاق فى سبيل الله لكى لا تكون الأموال دولة بين الاغنياء ۔

كان نبينا عليه الصلوٰة والسلام مثلاً اعلىٰ فى الاخلاق الكريمة وحياته الطيبة كلها عبارة عن مكارم الاخلاق ۔ ولذٰلك قال سبحانهٗ وتعالىٰ: لقد كان لكم فى رسول الله أُسوة حسنة. فيجب علينا ان نهتدي بسيرته ونتبعها ونحبه عليه الصلوٰة والسلام حبّا حبّا ۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طالبات بابت ۱۴۴۲ھ/2021ء

چھٹا پرچہ: انگلش وریاضی

وقت: تین گھنٹے　　　　کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: حصہ اول کے تمام سوال لازمی ہیں جبکہ حصہ دوم کا پہلا سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی تین سوال حل کریں۔

حصہ اول......انگلش

Q No.1 :Write an essay of 100 words on any one of the following. 15

(i) My Jamia (ii) Procession of Eid Milad-un-Nabi (iii) My Hobby

Q No.2: Translate into Urdu (any one) 17

(i) When Hazrat Muhammad (SAW) was thirty-eight years of age, he spent most of his time in solitude and meditation. In the cave of Hira, he used to retire with food and water and spend days and weeks in remembrance of Allah Almighty.

(ii) During the perilous journey, it was very difficult for anyone to supply food to the Prophet Muhammad (SAW). It was so delicate that the slightest mistake could have endangered the life of the Holy Prophet (SAW).

Q No.3: Translate into English (any three) 9

میں نے کھانا کھالیا ہے۔لبنیٰ گھر جارہی ہے۔وہ ہوم ورک کررہی ہے۔کلاس روم میں کتنے سٹوڈنٹس ہیں؟لڑکیاں بس میں بیٹھی ہیں۔

Q NO.4: Fill in the blanks with prepositions. (any three) 9

(i) Saqib is leaving......... Friday at noon.

(ii) Ashar had started working for his law firm.......... 1995.

(iii) I met Shaheena.......... 9.00am.

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(iv) The doctor will see Alizay........... the evemimg.

(v) Sobia has her birthday........... September.

حصہ دوم......ریاضی

سوال نمبر 5:-(الف) درج ذیل کو فی صد کی شکل میں واضح کیجئے۔۱۰=۵+۵

0.7،0.13

(ب) فی صد کو اعشاریہ میں تبدیل کیجئے جبکہ جواب تین درجہ اعشاریہ تک درست ہو۔۱۰=۵+۵

120%،8%

سوال نمبر 6:-اگر ایک کالونی کے 56% گھروں میں سے ہر گھر میں کار موجود ہو تو کالونی کے کتنے فی صد گھروں میں کار نہیں ہوگی؟۱۰

سوال نمبر 7:-اگر کسی کتاب کا 84% فی صد حصہ 420 صفحات پر مشتمل ہو تو کتاب میں کل کتنے صفحات ہوں گے؟۱۰

سوال نمبر 8:-ایک سکول میں 1029 طلبہ ہیں جن میں سے 504 لڑکیاں ہیں۔لڑکے اور لڑکیوں کی تعداد کے درمیان نسبت کیا ہوگی؟۱۰

سوال نمبر 9:-ایک مثلث کے اضلاع کی لمبائیاں 3 سینٹی میٹر، 4 سینٹی میٹر، اور 6 سینٹی میٹر ہیں۔ مثلث کے اضلاع کی لمبائیوں کے درمیان نسبتیں معلوم کریں۔۱۰

☆☆☆

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طالبات بابت 2021ء

چھٹا پرچہ: انگلش وریاضی

حصہ اول......انگلش

Q No.1 :Write an essay of 100 words on any one of the following.

(i) My Jamia (ii) Procession of Eid Milad-un-Nabi (iii) My Hobby

Answer:

(i) My Jamia

I study in Jamia........... It is in Lahore city. Its building is

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

grand. It is more than 50 years old. It has 70 rooms. All the rooms are airy and wide. A mosque is in it. Its liberary is very big. 600 students study here. Some students stay in hostal. Drs-e-Nazami is taught here. The Quran is also learnt here. School education is also here. Computer is also taught here. Ten teachers work in our jamia. Who take much interest in teaching. Our principal is a very good person. He is a man of principal. I like my Jamia.

(ii) Procession of Eid Milad-un-Nabi

Eid Milad-un-Nabi is celebrated on 12th of Rabi-ul-Awal. It is the birthday of the Holy Prophet Mohammad (S.A.W.W) The Muslims celebrate the birthday of the Holy Prophet. They decorate their houses with green flags at this day. They hold the Procession of Milad in this day. The Procession is held on the vehicles which are decorated. Some people walk on foot holding flags. The Procession passes through the markets and streets. The Quran is recited and the Naats are recited in ti. The speeches are delivered on the life of Mohammad in the procession. All people collectively say salutation and greeting to the personality of Muhammad (S.A.W.W). It is the greatest of all eids. Every Muslim looks happy on this day. The procession is eneded with prayer. I also participate in the procession of Milad.

(iii) My Hobby

Books reading is my hobby. I learn many thing through it. The books are best fellow. They make the man successful. My friends like my hobby. They lend books from me to read. I take much care of my books. I save them from ruining. I have different types of books. Most of are Islamic. I buy books from my poket money. My friends also gift me books. Books reading is a good hobby. We should read good books. It is my favrit hobby.

H_M_Hashnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

Q No.2: Translate into Urdu (any one)

(i) When Hazrat Muhammad (SAW) was thirty-eight years of age, he spent most of his time in solitude and meditation. In the cave of Hira, he used to retire with food and water and spend days and weeks in remembrance of Allah Almighty.

(ii) During the perilous journey, it was very difficult for anyone to supply food to the Prophet Muhammad (SAW). It was so delicate that the slightest mistake could have endangered the life of the Holy Prophet (SAW).

Answer:

(i) ترجمہ: جب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اڑتیس سال کے ہوئے، تو وہ اپنا زیادہ تر وقت تنہائی اور غور و فکر میں گزارتے تھے، کوہِ حراء کے غار میں خوراک اور پانی لے کر خلوت میں چلے جایا کرتے تھے اور اللہ عزوجل کی یاد میں دن اور ہفتے گزارا کرتے تھے۔

(ii) ترجمہ: اس پر خطر سفر کے دوران کسی کے لیے بھی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم تک خوراک پہنچانا بہت دشوار تھا۔ یہ بہت نازک وقت تھا کہ چھوٹی سی غلطی بھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کو خطرہ میں ڈال سکتی تھی۔

Q No.3: Translate into English (any three)

میں نے کھانا کھالیا ہے۔ لبنیٰ گھر جارہی ہے۔ وہ ہوم ورک کررہی ہے۔ کلاس روم میں کتنے سٹوڈنٹس ہیں؟ لڑکیاں بس میں بیٹھی ہیں۔

Answer:

(i) I have taken food.

(ii) Lubna is going to home.

(iii) She is doing home work.

(iv) How many students in classroom?

(v) The girls sit in the bus.

Q NO.4: Fill in the blanks with prepositions. (any three)

(i) Saqib is leaving.......... Friday at noon.

(ii) Ashar had started working for his law firm.......... 1995.

(iii) I met Shaheena.......... 9.00am.

(iv) The doctor will see Alizay.......... the evemimg.

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(v) Sobia has her birthday........... September.

Answer:

(i) on (ii) in (iii) at (iv) in (v) in

حصہ دوم......ریاضی

سوال نمبر 5:-(الف) درج ذیل کو فی صد کی شکل میں واضح کیجیے۔

0.7، 0.13

(ب) فی صد کو اعشاریہ میں تبدیل کیجیے جبکہ جواب تین درجہ اعشاریہ تک درست ہو۔

120%، 8%

حل: (الف):

(i) 0.7

=0.7x100%

=7/10x100%=7x10%=70% Ans.

(ii) 0.13

=0.13x100%

=13/100x100%

=13% Ans.

(ب):

(i) 120%=120/100=1.20 Ans.

(ii) 8%=8/100=0.08 Ans.

سوال نمبر 6:-اگر ایک کالونی کے 56% گھروں میں سے ہر گھر میں کار موجود ہو تو کالونی کے کتنے فی صد گھروں میں کار نہیں ہوگی؟

56%= گھروں کی تعداد فی صد میں جن میں کار موجود ہے۔

(100-56)%= گھروں کی تعداد فی صد میں جن میں کار موجود نہیں ہے۔

=44%

پس 44% گھروں میں کار موجود نہیں ہے۔

سوال نمبر 7:-اگر کسی کتاب کا 84% فی صد حصہ 420 صفحات پر مشتمل ہو تو کتاب میں کل کتنے صفحات ہوں گے؟

کل صفحات= 84%+16%=100%

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

بشرطِ سوال

84%=420 صفحات

1%=420/84% صفحات

100%=420/84x100%=500 صفحات

100%=500 Ans صفحات

سوال نمبر 8:-ایک سکول میں 1029 طلبہ ہیں جن میں سے 504 لڑکیاں ہیں۔لڑکے اور لڑکیوں کی تعداد کے درمیان نسبت کیا ہوگی؟

حل:

لڑکے:لڑکیاں

504:525

سوال نمبر 9:-ایک مثلث کے اضلاع کی لمبائیاں 3 سینٹی میٹر، 4 سینٹی میٹر، اور 6 سینٹی میٹر ہیں۔ مثلث کے اضلاع کی لمبائیوں کے درمیان نسبتیں معلوم کریں۔

حل:

پہلا ضلع:دوسرا ضلع

3:4

تیسرا ضلع:دوسرا ضلع

6:3

2:1

پہلا ضلع:تیسرا ضلع

4:6

2:3

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان

سالانہ امتحان الشہادۃ الثانویۃ العامۃ (میٹرک سال دوم)

برائے طالبات سال ۱۴۴۳ھ/2022ء

پہلا پرچہ: قرآن مجید

وقت: تین گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: دونوں سوالات کا حل مطلوب ہے۔

سوال نمبر 1:- درج ذیل میں سے صرف آٹھ آیات مبارکہ کا ترجمہ تحریر کریں؟ ۸×۱۰=۸۰

(۱) الٓمّٓ o اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ o نَزَّلَ عَلَیْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیْهِ وَ اَنْزَلَ التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِیْلَ o

(۲) اِنَّ الَّذِیْنَ یَكْفُرُوْنَ بِاٰیٰتِ اللّٰهِ وَ یَقْتُلُوْنَ النَّبِیّٖنَ بِغَیْرِ حَقٍّ وَّ یَقْتُلُوْنَ الَّذِیْنَ یَاْمُرُوْنَ بِالْقِسْطِ مِنَ النَّاسِ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِیْمٍ o

(۳) قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّیْۤ اٰیَةً ؕ قَالَ اٰیَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَةَ اَیَّامٍ اِلَّا رَمْزًا ؕ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ كَثِیْرًا وَّسَبِّحْ بِالْعَشِیِّ وَالْاِبْكَارِ o

(۴) یٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَكْفُرُوْنَ بِاٰیٰتِ اللّٰهِ وَاَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ o یٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَلْبِسُوْنَ الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ o

(۵) وَ اِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِیْثَاقَ النَّبِیّٖنَ لَمَاۤ اٰتَیْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّ حِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ؕ

(۶) قُلْ یٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ تَبْغُوْنَهَا عِوَجًا وَّاَنْتُمْ شُهَدَآءُ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ o

(۷) وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ یَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَیْرِ وَ یَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَیَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ؕ وَاُولٰٓىٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ o

(۸) اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِیَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَاۤ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَیْــٴًـا ؕ وَاُولٰٓىٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ o

(۹) یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوا الرِّبٰۤوا اَضْعَافًا مُّضٰعَفَةً ۪ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ o وَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِیْۤ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِیْنَ o

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(۱۰) وَمَا كَانَ قَوْلَهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوْا رَبَّنَا اغْفِرْلَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِيْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ
اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ○

(۱۱) لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَ
يُزَكِّيْهِمْ وَ يُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ

(۱۲) كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ؕ وَاِنَّمَا تُوَفَّوْنَ اُجُوْرَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ
النَّارِ وَ اُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ ؕ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ○

سوال نمبر 2:- مندرجہ ذیل کلمات میں سے دس کے معانی تحریر کریں؟ ۲×۱۰=۲۰

ذو انتقام، حب الشهوات، الحرث، بصير، القنتين، اياماً معدودت، المصير،
سميع الدعاء، الطين، تراب، يلون السنتهم، ربانين، شفا حفرة.

☆☆☆

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طالبات سال 2022ء

پہلا پرچہ: قرآن مجید

سوال نمبر 1:- درج ذیل آیات مبارکہ کا ترجمہ تحریر کریں؟

(۱) الٓمّٓ○ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ○ نَزَّلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ
يَدَيْهِ وَ اَنْزَلَ التَّوْرٰةَ وَالْاِنْجِيْلَ○

